Vol. II
No. 6

Wednesday,
25th August, 1954.

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

	PAGES
L. A. Bill No. XVIII of 1954, the Hyderabad Abolition of Inams Bill, 1954—First reading not concluded. ..	271–319

Note:—* At the commencement of the Speech denotes confirmation not received.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1955

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Wednesday, the 25th August 1954.

The House met at Half Past Two of the Clock.

[Mr. Speaker in the Chair]

(Questions & Answers)

See Part I

L. A. Bill No. XVIII of 1954, the Hyderabad Abolition of Inams Bill, 1954

श्री. रामगोपाल नावंदर (कन्नड) :—कल से अिनाम्स बिल पर चर्चा हो रही है। तमाम अरकान कल से अबतक अपने विचार अिस बारे में पेश किये हैं। अिस बिल में अेक क्लॉज बहुत अहम है, या कम से कम मैं तो अिसको अहम समझता हूं। हमारे हुकूमत ने जो अुन्नति का काम अिस थोडेसे अरसे में किया है, अुसका महत्व है। यह बिल अुसकी अेक आखरी कडी है, जो हमारे सामने है।

अिस बिल की अहमियत अिसलिये बढ जाती है कि यह हमारे सावेका पास किये हुअे लॅंड रिफार्म्स बिल का अेक भाग ही है। अैसे लोग जो गरीब किसानों को लूटते थे, जिन्हें अिनात दार कहा जाता था, अुन्हें खतम करने के लिये यह बिल लाया गया है। अिसलिये अिसकी अहमियत बढ जाती है। अिस बिल को यहां पेश करने मे जो कुछ समय लग गया, अेक बार दो बार ड्राफ्टींग की गअी और अब यह बील अिस रूप में यहां आया है। मुमकीन है आप अिससे भी सौ फिसद मुत्तफिक न हों। अिसको बेहतर से बेहतर बनाने की कोशिश की गअी और मैं कहूंगा कि अब भी कोअी बेहतर सजेशन्स (Suggestions) पेश किये जायें तो अुन्हें कबूल कर के बिल को ज्यादा से ज्यादा प्रोग्रेसिव्ह (Progressive) बनाना चाहिये। यह कहा जाता है कि हुकूमत जागीरदारों और सरमायेदारों की बॅकिंग (Backing) करती है। कल ही अेक ऑनरेबल मेंबर ने कहा कि हुकूमत अैसे बिल्स के जरिये लोगों में अपने से नफरत पैदा कर रही है और अिससे लोगों में कॉंग्रेस से नाराजगी पैदा हो रही है। मैं अिसके वजाहत की जरूरत नहीं समझता कि यह अेनराज कहां तक असलियत रखता है। लेकिन अिस हुकूमत की आला कारनामों में यह अेक बिल भी है, और जिसके लिये मैं ऑनरेबल मिनिस्टर और हुकूमत को मुबारकबाद देता हूं।

अिस बिल को देखने से चंद चीजें सामने आअी। अिस बिल का मकसद खास तौर पर यह है कि बडे बडे जमीनदारों और अिनामदारों के कब्जे में जो जमीनात हैं, जिनपर वे खुद काश्त नही करते, और मुनाफा खाते हैं, अिस कानून के जरिये अुनके अैसे अिनामों को अबॉलिश (Abolish) किया जाय। तकरीबन पंधरा लाख अेकड पर अैसे अिनामात हैं जिन्हें सावेका हुकूमत ने दिया था, और कॉंग्रेस पार्टी ने पावर में आने के बाद अुसको अब तक जारी रखा। अब जिन्हें अबॉलिश किया जा रहा है। अिस बिल को दो भागों में तकसीम किया गया है। अेक वह जो खिदमत के हैं, या दूसरी कोंडि न के हैं, और दूसरे वह हैं जो धार्मिक संस्थाओं को और देहात में काम करनेवाले जैसे कलोदार वगैरा हैं, जिन्हें दिये गये हैं। जिन्हें अलाहिदा रख कर कानून अच्छी तरीके

से बनाया जा सकता है, और अैसी कोशिश कर रहे हैं। मैं अुम्मीद करता हूं कि अिस किस्म का कानून भी असेंब्ली के सामने आ जायेगा। यह कहना कि हमारी ही कोशिशों से यह कानून आया है, दुरूस्त नहीं हो सकता। हुकूमत तमाम चीजों पर सोच विचार करते हुअे जिन चीजों को खत्म कर सकती है, करती जा रही है। अब जो कानून आया है, अगर वह आधा है तो आधा बाद में आ जायेगा। कानून में जो चाहें रख देना तो आसान है लेकिन अुस पर अमल करना मुश्किल है। यह कहा जाता है कि बंबअी में अैसा है, मद्रास में अैसा है, लेकिन यह कहते हुअे अिन प्रांतों के हालात को नहीं देखते। बेशक वहां जो अच्छी चीजें हैं, अुन्हें यहां लाया जायेगा। लेकिन हमारे पास जो मशीनरी है, जो हालात हैं, वह अैसे हैं कि ज्यादा से ज्यादा डिले (Delay) करने की कोशिश की जाती है और टोकने की कोशिश की जाती है। यहां चंद अनासिर अैसे हैं, जो रोकना चाहते हैं। हमारे पास डेमोक्रेसी (Democracy) पर अमल किया जाता है, लेकिन जो भी कानून बनते हैं अुनको कामयाब बनाने में रूकावटें पैदा की जाती हैं। अिस बिल में पांच छः क्लाजेज हैं। बहुत सी बातें तो डेफिनीशन (Definition) से ही जाहिर हो जाती हैं। अिसमें यह बताया गया है कि अिनामदार अपने नाम पर जो अिनामी जमीन रखते हैं, अुन्हें ही ले लिया जायेगा। अिसको समझने में कुछ गलतफहमी हो गअी है। यह समझना कि अिससे काश्तकारों को नुकसान होगा, यह ठीक नहीं है। हुकूमत का मकसद यह है कि अिससे ज्यादा से ज्यादा लोगों को फायदा पहुंचे और अिनामदारों को कम से कम नुकसान पहुंचे, और अिस हालत में समाज की व्यवस्था कामयाबी के साथ चलती रहे। अगर डेफिनीशन की ड्राफ्टींग में कुछ गलती महसूस की जायें तो मैं मिनिस्टर साहब से दरखास्त करूंगा कि वे अिन्हें अमेंड (Amend) कर लें, और अिस तरह खामियों को दूर करने में हमारी हुकूमत कभी पीछे नहीं रहेगी। अिसका दूसरा जुज यह है कि जो अिनामी जमीनात ले लिये जायेंगे वह गव्हर्नमेंट में व्हेस्ट होंगे अिसके बाद डिस्ट्रीब्यूशन (Distribution) के मौके पर अिनामदार का भी लिहाज रखा जा कर अुसको साढेचार गुना तक अिस शर्त पर दिया जायेगा कि अुसके पास दूसरी जमीन न हो, या वह अुसके पट्टे की आराजी है, तो अुसको भी अिसमें शामिल किया जायेगा। अिसके बाद तीन चार किसम के लोग हैं। परमनंट टेनन्ट, सूर किश्त टेनन्ट, टेंररी टेनन्ट अिनमें यह जमीन अेक बाद दीगरे तकसीम की जायेगी। अिस तरह अिस कानून के जरिये सब के हुकूक मलहूज रहेंगे।

थोडे से मावजे के साथ जमीनात दी जायेंगी क्योंकि कान्स्टीटयूशन के तहत तो मावजा देना ही पडता है। अिसलिये काश्तकार को कुछ नामिनल प्राअिस (Nominal price) अदा करना होगा। कानून अतियात के तहत भी हमें हुकूक को मलहूज रखना है। अिसलिये अिस लिहाज से मावजे का आयटम आता है। मुमकिन है अव्वाम के बहुत से लोग अिसको न मानें, लेकिन हालात के लिहाज से यह लाजमी है। यह कहना कि अिससे काश्तकारों पर अन्याय होगा, दुरूस्त नहीं है। अिमकानी तौर पर कम से कम करने की कोशिश की गअी है। अिसको लैंड रेवेन्यू पर रखने से भी सहूलत होगी। अिस बिल में सब से अच्छी चीज न्याय मंडल है, जो डिस्ट्रिक्ट जज के लेवल पर कायम किया गया है। जिन्हें यह महसूस हो कि अुनके हुकूक मुतासिर हो रहे हैं, तो अुन्हें अिस न्याय मंडल के सामने अपील करने का अधिकार रहेगा। अिस तरह न्याय का दरवाजा खुला रहता है और कलेक्टर को भी पावर्स दिये गये हैं। वह भी छानबीन कर के मल्टीपल्स (Multiples) के लिहाज से मावजे का ताअयुन करेंगे। मैं समझता हूं कि हाअुस के ऑनरेबल मेंबर्स

شری کے ۔ انت ریڈی (بانکنڈہ) :— فرسٹ ریڈنگ کے تعلق سے ساڑھے سات بجے تک ڈسکشن جاری رکھا جائے اور ساڑھے سات بجے منسٹر صاحب اپنا جواب دیں تو مناسب ہوگا ۔ کل سکنڈ ریڈنگ لیجا سکتی ہے ۔

مسٹر اسپیکر :— پریکٹیکل طور پر آپکو امنڈمنٹ لانا ہے تو سکنڈ ریڈنگ کے وقع پر لاسکتے ہیں ۔

شری عبدالرحمن (ملک پیٹھ) :— فرسٹ ریڈنگ کے موقع پر ہمیں حکومت سے توقع ہے کہ مباحث کے پیش نظر کچھ چیزیں وہ قبول کرلیگی ۔

شری وی ۔ بی ۔ راجو (سکندرآباد ۔ عام) :— آج کا پورا دن فرسٹ ریڈنگ کی بحث کے لئے رکھا جائے اور اس پر ووٹ لیا جائے ۔ پھر ۵ منٹ پر منسٹر صاحب جواب دے سکتے ہیں ۔

مسٹر اسپیکر :— منسٹر صاحب ۷ بجے جواب دینگے۔ انکے جواب کے بعد موشن فار فرسٹ ریڈنگ ووٹ کے لئے رکھا جائیگا ۔

मिनिस्टर फॉर फायनान्स (श्री. वि. के. कोरटकर) :—सात बजे तक जनरल डिसकशन होगा। सात बजे ऑनरेबल मिनिस्टर साहब जवाब देंगे और आज ही फर्स्ट रीडिंग खतम होगी।

Mr. Speaker : Discussion will continue till 7.00 p.m.

* شری ایل ۔ این ۔ ریڈی (وردناپیٹھ) :— مسٹر اسپیکر سر ۔ انعام ابالیشن بل جو ہمارے سامنے پیش ہوا ہے اوسکے متعلق ہماری یہ توقع تھی کہ پہلا بل جو واپس ہوا ہے اوسکو واپس لینے کے بعد اسکو نہایت جامع طور پر کاشتکاروں کے حقوق کا لحاظ کرتے ہوئے مکمل طور پر پیش کیا جائیگا لیکن ہم جب اس بل کو دیکھتے ہیں تو ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہماری توقعات پوری نہیں ہوئیں ۔

[*Shri Anna Rao Ganamukhi (Chairman) in the Chair*]

بتایا جاتا ہے کہ ہمارے اسٹیٹ میں ۵ ، لاکھ ایکڑ اراضیات انعامی ہیں ۔ ان میں سے ساڑھے تین لاکھ ایکڑ سے کچھ زیادہ دیول اور خیراتی انعامات وغیرہ سے متعلق

ہیں۔ بعونہ‌دار نیرڑی وغیرہ کی اراضیات کسقدر ہیں سکے عداد نہیں بتائے گئے ہیں۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ یہ بل جن اراضیات سے متعلق ہوتے وہ پانچ لاکھ ایکڑ اراضی ہے۔ مابقی اراضیات سے یہ بل لاگو نہیں ہوگا۔ گویا ۱/۳ حصہ اراضیات پر یہ بل لاگو ہوگا اور ۲/۳ حصہ اراضیات انعامی اس سے چھوٹ جائینگے۔ یہ چیز کسی معقولیت پر مبنی نہیں ہے یہ ہمارا خیال ہے۔ کیونکہ دعوی یہ کیا جاتا ہے کہ ہم زمینداری کے پرانے آثار کو ختم کررہے ہیں اور برٹش سامراج کی بری چیزوں کو مٹارہے ہیں اور یہ کہا جارہا ہے کہ اس بل کے ذریعہ انعامداری ختم ہوگی لیکن ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اراضیات پر کاشت کرنے والوں کو کیا حقوق دئے گئے ہیں اور چھوٹے چھوٹے انعامداروں مثلاً نیرڑی سیت سندھی وغیرہ جنکی محنت کی روزمرہ لوٹ کھسوٹ ہوتی ہے اوسکو کس حد تک دور کیا گیا ہے تو ہم اس بارے میں مایوس ہورہے ہیں۔ اس میں بلوتہ‌دار۔ سیت سندھی۔ نیرڑی وغیرہ کو مستثنی کیا گیا ہے۔ میں موور آف دی بل سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان لوگوں کو اس میں کیوں شامل نہیں کیا گیا؟ ان لوگوں سے بٹی بیگاری کا کام غلاموں کی طرح لیا جاتا ہے حالانکہ کنسٹی ٹیوشن کے تحت بٹی بیگاری لینا صحیح نہیں ہے۔ اسکے باوجود بٹی بیگاری کا رواج دیہاتوں سے کیوں نہیں مٹ رہا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ دیہاتوں میں کامدار لوگ بٹی کرنے سے انکار کرتے ہیں تو عہدہ‌داران سرکاری کہتے ہیں کہ اگر بٹی بیگاری نہ کرینگے تو انکے اراضیات انعامی ضبط کئے جائینگے۔ آپکا ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم اسکا انسداد کریں تاکہ ان غریب فاقہ‌کش لوگوں سے بٹی بیگاری نہ لی جایا کرے۔ بٹی بیگاری کے رواج کو جڑ سے اکھیڑ پھینکنا ہمارا فریضہ ہے۔ اسکے لئے ضروری ہے کہ انکے انعامات کو پٹے میں متبدل کردیا جائے۔ تاوقتیکہ ایسا نہ کیا جائے دیہات سے بٹی بیگاری کا رواج مٹنے والا نہیں ہے۔ اگر انکو مستثنے رکھا گیا تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ آج بھی دیہات میں بٹی بیگاری کے رواج کو آپ باقی رکھنا چاہتے ہیں۔ کئی مرتبہ اسمبلی میں اسکے متعلق سوالات کئے گئے۔ منسٹرس کے پاس ریپریزنٹیشنس (Re-presentations) کئے گئے۔ اسکے جواب میں وہ زبانی ہمدردیاں تو کرتے ہیں وہ دوروں کے موقعوں پر یہ کہتے ہیں کہ بٹی بیگاری نہ لیجایا کرے لیکن بیگاری کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ غریب کامدار بٹی بیگاری سے انکار کریں تو ان پر طرح طرح سے دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ ان پر مقدمات قائم کئے جاتے ہیں۔ اسطرح انکو مجبور کیا جاتا ہے۔ اسلئے بٹی بیگاری کو روکنے کا مصمم ارادہ کرنے کی ضرورت ہے اور اسکے لئے ضروری ہے کہ بلوتہ انعام۔ خدمتی انعام نیرڑی انعام وغیرہ ختم کئے جائیں اور ان اراضیات انعامی کا ان لوگوں کے نام پٹہ کردیا جائے۔ ان چھوٹے انعامداروں کا دیہات میں یہ پر زور مطالبہ ہے کہ ان سے بٹی وغیرہ نہ لیجایا کرے اور انکے اراضیات انعامی کا انکے نام پٹہ کردیا جائے۔ لیکن اس بل میں انکو مستثنے کیا گیا ہے۔ حکومت کا یہ خیال ہے کہ اگر انکے انعامات لے لیں تو انکو تنخواہیں وغیرہ دینا پڑیگا جس سے خزانے پر مزید بار پڑیگا۔ میں مانتا ہوں کہ بار ہوگا لیکن جب

کے جاگیرداروں کو کروڑوں روپیہ معوضہ دیتے ہیں ۔ لاکھوں روپیہ انعامداروں کو معاوضہ دیتے ہیں اور سکو خزانہ پر بار نہیں تصور کرتے تو پھر ان غریبوں کو تنخواہیں مقرر کرنا کیوں بار سمجھا جارہا ہے ۔ میں اسکی تائید نہیں کرسکتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے خزانے پر زیادہ بار نہیں ہوگا ۔ دیہات میں تیرڑی و سیت سندھی کو آپ کیا معاوضہ دیتے ہیں ؟ تین روپیہ یا چار ساڑھے چار روپیہ دیتے ہیں ۔ ان میں نصف تعداد بتوتہ داروں کی ہے ۔ ان اراضیات کا شہ کردیں تو بتوتہ داروں سے زرمالگزاری وصول کرسکتے ہیں ۔ انکو نوکریاں دینا ضروری نہیں ہے ۔ البتہ سیت سندھی اور تیرڑی کو نوکری دینا ۔ پڑیگا ۔ صرف انکی تنخواہوں کا بار پڑیگا ۔ اسلئے میں حکومت سے اور خاص طور پر سوور آف دی ہل سے اپیل کرونگا کہ وہ اس مسئلہ پر غور کریں اور بتوتہ انعام کو اس میں شامل کریں ۔ ہم تقریباً ۱۹۴۰ء سے بٹی بیگاری کے خلاف جدوجہد کررہے ہیں اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ بیگاری کی بیڑی کو بنیاد سے اکھیڑ پھینکیں ۔ اس لئے اسکو اس بل کے تحت لائیں تو مناسب ہوگا ۔ اس طرح ہماری جدوجہد کا ثمرہ مل جائیگا ۔ دیول اور معاشہائے خیراتی کو بھی مستثنے کیا گیا ہے ۔ انکو بھی اس بل میں شامل نہیں کیا گیا ہے ۔ جو اعداد بتائے گئے ہیں اون سے معلوم ہوا کہ ساڑھے تین لاکھ ایکڑ سے زیادہ رقبہ دیول اور مذہبی اداروں کے تحت ہے ۔ ہمارا یہ مقصد نہیں ہے کہ ان اداروں کی مدد نہ کیجائے یا پوجا پاٹ نہ ہو ۔ ہم اسکے خلاف نہیں ہیں ۔ لیکن ان اراضیات پر کاشت کرنے والوں کی کیا درگت ہوگی ؟ حکومت اس بارے میں کیا سوچ رہی ہے ؟ ان خیراتی اداروں کو ٹینسی ایکٹ سے بھی مستثنے کیا گیا ہے ۔ اور اس قانون سے بھی مستثنی کیا گیا ہے ۔ حکومت کی کیا روایات ہیں انکی جانچ کریں تو معلوم ہوگا ۔ اوقاف کی بڑی بڑی جائدادیں ہیں انکے تعلق سے یہ طریقہ اختیار کیا جارہا ہے کہ موقوفہ جائداد وغیرہ کے انتظام اور کاروبار کی انجام دہی کے نام سے غریب کاشتکاروں کو زمینات سے بیدخل کیا جارہا ہے اور ان زمینات کو ہراج کرکے جن کی بولی سب سے زیادہ رقم کی آتی ہے انکو کاشت کیلئے دیجارہی ہیں ۔ خصوصاً تین چار سال سے یہ مسئلہ اہم ہوگیا ہے ۔ نظام کے زمانے میں اس قسم کا عمل نہیں ہوا ۔ کئی قابضین اراضی ایسے ہیں جو دیول وغیرہ کے تحت اراضیات کی ڈبل مالگزاری دے رہے ہیں ۔ انکو آمدنی کے بڑھانے کے حیلے سے بیدخل کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور کیجارہی ہے ۔ جب وہ زائد منافع نہ دینا چاہیں تو انہیں بیدخل کرنے کی کوشش کیجاتی ہے ۔ قولداری کا بل جب پیش ہوا تو اسمبلی میں اس جانب توجہ دلائی گئی کہ دیول کی اراضیات کو بھی قولداری قانون سے متعلق کیا جائے ۔ اوسوقت یہ جواب ملا کہ اسوقت اسبارے میں اصرار کا موقع نہیں ہے ۔ ہم انعام ابالیشن ایکٹ لارہے ہیں اوس وقت اس بارے میں غور و بحث ہوسکتی ہے ۔ ہم بڑی توقع سے دیکھ رہے تھے کہ ساڑھے تین لاکھ ایکڑ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کرنے والوں کے بارے میں اس بل میں کیا فیصلہ کیا جاتا ہے ۔ لیکن ہم دیکھرہے ہیں کہ انکو اوسی پوزیشن میں رکھا گیا ہے ۔ نہ انعام ابالیشن ایکٹ اون سے متعلق کیا گیا اور نہ ہی قولداری کا قانون ۔ وہ غریب جو سالہاسال سے کاشت کرتے

آرہے ہیں اون سے زیادہ منافع حاصل کرنے کیلئے یہ تدابیر اختیار کئے جارہے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے ۔

یہ انتہائی مذموم طریقہ ہے ۔ حکومت کو چاہیئے کہ یا تو اس بل کے تحت اون اراضیات کو لایا جائے ورنہ اون کے حقوق قولداری کے متعلق جیسا کہ دوسرے ٹیننٹس کو پروٹیکشن (Protection)دیا گیا ان کو بھی پروٹیکشن دیا جائے ۔ وہاں تو فیررنٹ (Fair rent) اور انتہائی رنٹ وغیرہ مقرر کیا گیا تھا ۔ اور زمینات سے بیدخل کرنے کے متعلق قواعد بنائے گئے تھے ۔ یہاں پر ویسا نہیں ۔ اس واسطے ہم مجبور ہیں کہ جو اگزمپشن (Exemption)اس بل کے تحت دیا گیا ہے اوس کی مخالفت کریں ۔ یہ سوال ہوسکتا ہے کہ اگر دیولوں سے متعلق کیا جائے تو کیا ہوگا ؟ میں یہ کہوں گا کہ حکومت اون کو گرانٹ دے سکتی ہے ۔ حکومت کو کمپنسیشن (Compensation)میں سے جو روپیہ ملے گا اوس میں سے کچھ نہ کچھ سالانہ مقرر کرسکتی ہے ۔ اگر کم پڑے تو اپنے خزانہ سے حکومت دے سکتی ہے ۔ مگر ان دیولوں کا خرچہ آپ اون غریبوں پر کیوں ڈال رہے ہیں ۔ اتنی ہی بھگتی ہے تو پبلک کے خزانہ سے پیسہ دیا جائے ۔ لیکن اون غریبوں کو لوٹنے کی ہمت افزائی مت کیجئے ۔ یہ کہا گیا ہے کہ اس بل میں نامینل معاوضہ دیا جارہا ہے ۔ اور حکومت انعامداروں سے زمینات لیکر بالراست دوسروں کو دیگی ۔ لیکن کس قیمت پر دیگی ۔ آپ یہ قیمت یا وہ معاوضہ کس کے مفاد کی خاطر مقرر کئے ہیں ۔ یہ کاشتکاروں کے مفاد کے لئے مقرر کئے ہیں یا اون انعامداروں کے مفاد کی خاطر جو سالہا سال سے کاشتکاروں کو لوٹ رہے ہیں ؟ آپ تو اس نقطہ نظر سے معاوضہ مقرر کئے ہیں کہ انعامداروں کو منصفانہ معاوضہ ملے ۔ انعامدار خود جو دوسروں سے معاوضہ لے رہے ہیں وہ کونسا معاوضہ لے رہے ہیں اون کے مقرر کردہ معاوضہ اور آپ کے مقرر کردہ معاوضہ پر غور کریں تو فرق معلوم ہوگا اور یہ پتہ لگے گا کہ آپ کا ہی مقرر کردہ معاوضہ زیادہ ہے ۔ میں اس سلسلہ میں دو تین باتیں عرض کروں گا ۔ ونپرتی سمستان کے راجہ صاحب نے اپنی کچھ زمینات فروخت کی ہیں ۔ جہاں تک مجھے معلومات ہوئی ہیں اون سے پتہ چلتا ہے کہ چار گونا یا دس گونا مالگزاری کی قیمت پر انہوں نے اپنی اراضیات فروخت کی ہیں ۔ اس کے مقابلہ میں تو آپ کاشتکاروں کو لوٹ رہے ہیں ۔ انعامدار جو لوگوں کو لوٹا کرتا تھا وہ تو چار گونا یا دس گونا معاوضہ پر اراضی فروخت کررہا ہے اور آپ کی گورنمنٹ جو پاپولر گورنمنٹ ہے وہ پچیس سے لیکر ساٹھ گونا معاوضہ مقرر کررہی ہے گدوال میں چودہ ہزار ایکر سیری کی زمینات ہیں وہاں کے اسٹیٹ والے بیچنا چاہ رہے ہیں اور لوگوں کو مجبور کررہے ہیں کہ دس سال کی زر مالگزاری دیکر زمین خرید لیں لیکن اکثر لوگ وہاں زمین نہیں لے رہے ہیں ۔ دوسرے سمستان کے مقابلہ میں آپ گدوال میں جاکر دیکھیئے ۔ وہاں دس پندرہ پرسنٹ سے زیادہ لوگ زمین نہیں خرید رہے ہیں ۔ اس کے مقابلہ میں ونپرتی سمستان میں سنٹ پرسنٹ زمین فروخت ہوگئی ہے ۔ کولھاپور میں بھی بارہ ہزار ایکر زمین ہے ۔ وہاں اس اراضی کا بیشتر حصہ رعایا کے حق میں فروخت کیا گیا ہے ۔ جہاں تک مجھے معلومات ہیں گدوال

या अनामी जमीनी दोन तीन प्रकारच्या आहेत. पहिला प्रकार म्हणजे ज्या लोकांनी स्वातंत्र्याच्या वेळी सरकारला मदत केली किंवा असे कार्य केले, ज्यामुळे सरकारला मदत झाली अशा कामाच्या मोबदल्यात त्यांना दिली गेलेली अनामे, दुसरा प्रकार म्हणजे धार्मिक कृत्यासाठी दिली गेलेली अनामे आणि तिसऱ्या प्रकारात अशी अनामे येतात की, जी जनतेच्या दृष्टीने किंवा जनतेच्या सेवेच्या मोबदल्यात दिली गेली असतील.

अशा सर्व अनामाबाबत आपल्या असेंब्लीत आवाज निघत आहे व ती ताबडतोब नष्ट करावी अशी मागणी करण्यात येत आहे. परंतु आजच्या विधानसभेच्या ग्रामसेवेच्या मोबदल्यात दिलेली अनामे आणि धार्मिक कृत्याकरिता दिली गेलेली अनामे यांच्या बाबत विचार केला गेला नाही आणि ते बरोबरच आहे. कोणतीही गोष्ट क्रमशः आणि हळू हळू केल्याने जास्त मजबूत होते म्हणून अनामे क्रमशः नाहीशी करणे आवश्यक आहे. पण अशी जी अनामे आहेत की ज्यामुळे जनतेला कांहीं अुपयोग होत नाहीं तीं मात्र अगोदर खालसा केली पाहिजेत.

पूर्वीच्या काळीं अशी पद्धत होती की कोणत्याही कामाचा मोबदला पैशाच्या स्वरुपात न देता त्या करितां कांहीं जमीनीचा भाग अनाम म्हणून त्या कार्याच्या मोबदल्यात देण्यात येत असे. अुदाहरणार्थ जसें अेखाद्या मंदिराच्या खर्चाकरितां दिले गेलेले अनाम अशीं अनामें आजच्या कायद्यात कायम ठेवली आहेत, आणि ते थोड्या फार प्रमाणांत रास्तपण आहे. या बाबत आपणास विचारच करावयाचा झाला तर आपण हेच पाहूं शकूं की अनाम ज्या कार्याकरितां दिले गेले होते तें कार्य बरोबर होत आहे किंवा नाही, तसेच त्या कार्याकरिता होणारे अुत्पन्न कमी आहे किंवा जास्त आहे त्या करितां वेगळ्या कायद्याची आवश्यकता आहे. त्या करिता यांतच कांहीं तरी केले पाहिजे अशी घाअी करणे अुपयोगाचे नाहीं व अशा अनामाबद्दल कांहीं केले नाहीं म्हणून निराश होण्याचेहि कारण नाहीं.

आतां दुसऱ्या प्रकारची जीं अनामें आहेत व जीं नष्ट करण्याकरितां हा कायदा आपल्यांत आला आहे, स्पीकर सर, त्या बाबतीत सन्माननीय सभासदांची दोन प्रकारची विचारसरणी

दुसरे असें की या कायद्यामध्यें "कायम कुळ" म्हणून नवीनच नांवाचा अुल्लेख केला गेला आहे. कुळ कायद्यामध्यें अमा अुल्लेख नाहीं. "कायम कुळ, काबीजें कदीम" या शब्दाची व्याख्या पाहिजे तशी स्पष्ट गेली गली नाहीं. तशी व्याख्या देणें आवश्यक आहे. ,कायम कुळ हा अमा शेतकरी वर्ग असावा की जो जमीन अिनाम देण्यापूर्वीहि त्या जमीनीचा पट्टेदार असावा, व नंतर हया जमीनी अिनाम म्हणून दिल्या गेल्यानंतरहि तो त्या जमीनीवर काबीज असावा. जमीन अिनाम दिल्यामुळें फरक येवढाच झाला असावा कीं तो पूर्वी शेतसारा सरकारला देत असें त्या बैवजी आतां अिनामदाराला देत असावा. कारण जमीन अिनाम देतांना ती जमीन कोणाच्या ताब्यांत आहे किंवा काय याचा विचार केला जात नसे. अशी जर परिस्थिती कायम कुळाची असेल तर कायम कुळाबाबत निराळा विचार करणे आवश्यक आहे. कलम ६ मध्यें अशी तरतूद केली गेली आहे कीं कायम कुळालाहि साऱ्याच्या पंचवीस पट मोबदला द्यावा लागेल, ज्याचा कांहीं हिस्सा अिनामदाराला मिळेल. हे जे कायम कुळ आहेत त्यांच्या जमीनी दुसऱ्याला सरकारकडून अिनाम दिल्या गेल्यामुळें पट्टयापासून दुरावले होते पण वास्तवीक पाहता तें त्या जमीनीचे पूर्वी-पासूनचे पट्टेदार आहेत. म्हणून अिनाम खालसा करतांना अशा कायम कुळांचा सरळ संबंध

सरकारची जे ऊत्पन्न बाबा व त्यांना कोणत्याही प्रकारचा मोबदला देण्याचा अट घालू नये. नाही तर न्यायालयात अन्याय होईल असे मला वाटते.

तसेच सरक्षित कुळाला साऱ्याच्या चाळीस पट आणि असंरक्षित कुळाला साऱ्याच्या साठपट मोबदला द्यावा लागेल अशी अट या कायद्यात आहे आणि अितर जमीनी बाबत कलम ३ अनुक्रम ३ मध्ये अुत्पन्नाच्या सरासरीवर मोबदला देण्याची तरतूद आहे. ह्यामुळे दिरंगाच्या बाबतीत घोटाळे निर्माण होतील आणि निष्कारण भानगडी निर्माण होतील असे मला वाटते. म्हणून ह्या कायद्यात निरनिराळ्या सुधारणा करणे आवश्यक आहे. आमदारसंघाच्या वक्त्यांनी मांडिलेल्या प्रमाणेहि कांही सुधारणा होणे आवश्यक वाटते. आवश्यक अशा बऱ्याच सुधारणा सरकार स्वीकारील अशी मला खात्री आहे. माझी सरकारला या बाबतीत अशी विनंति आहे की या कायद्यावर ज्या दोन्ही बाजूने ज्या सुधारणा येतील त्यावर सरकारने योग्य विचार करावा.

हा कायदा अमलांत येण्याविषयी निश्चितपणा दिसून येत नाही. कांही कलम अेकदम अंमलांत येणार आहेत तर कांही वेळोवेळी गॅझेटमध्ये प्रसिद्ध केल्याप्रमाणे अमलांत येणार आहेत. यामुळें बरेच घोटाळे निर्माण होण्याचा संभव आहे आणि हा कायदा तर शक्य तितक्या लौकर अमलांत येणे आवश्यक आहे. म्हणून अडचणी टाळण्यासाठी हा कायदा अेकदम अंमलांत येअील अशा प्रकारची सुधारणा या कायद्यात होणे मला आवश्यक वाटते.

मला ज्या कांहीं सुधारणा सुचवावयाच्या होत्या त्या मी सभागृहापुढे मांडल्या आहेत. त्यावर सभागृह व सरकार योग्य तो विचार करतील अशी आशा बाळगून मी आपले भाषण पूरें करतो.

* श्री शरन گوڑہ انعامدار (اندولہ - جیور کی) :— اسپیکر سر - میں اس بل کے بارے میں اپنے خیالات ظاہر کرنے سے پہلے ایک چیز عرض کرنا چاہتا ہوں - اب تک اس بارے میں بہت سی باتیں کہی جاچکی ہیں - آج حیدرآباد میں عوامی حکومت ہے - ہم دیکھتے ہیں کہ حکومت نے جاگیرداری - زمینداری اور انعامی سسٹم کے بارے میں جو بھی قانون پیش کیا ان میں جاگیرداروں - زمینداروں اور انعامداروں کا ہی خیال رکھا گیا - دراصل ہمیں یہ بات اپنے سامنے رکھنا ہے کہ ایک شخص کے پاس کس طرح ضرورت سے زیادہ زمین ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے دوسرا شخص کس طرح زمین سے محروم رہتا ہے - اور اس شخص کی محنت سے زمیندار محنت کئے بغیر کس طرح فائدہ حاصل کرتا ہے - اور اس عمل کی وجہ سے اس محنت کش شخص کی زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے - ہم نے پرادھنتا (पराधनिता) اور سوتنترتا (स्वतंत्रता) کی جو لڑائی لڑی وہ اس لئے نہیں تھی کہ حکومت ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں آجائے - ممکن ہے کہ کچھ لوگوں کا یہ مقصد ہو - لیکن عوام نے سوتنترتا کے لئے جو لڑائی لڑی - جو قربانیاں دیں وہ اس لئے تھی کہ فیوڈل الیمنٹس (Feudal Elements) اور متمول طبقہ کس طرح غریب محنت کشوں کو اکسپلائیٹ (Exploit) کرتا ہے - اس کا انسداد کیا جائے اور اس طرح انسانیت کی بھلائی ہو - اور پھر ہمیں یہ دیکھنا

ھے کہ ان جاگیرداروں راجاؤں - نوابوں نے ھماری آزادی کی جدو جہد میں کہاں تک حصہ لیا - بلکہ وہ تو اوس وقت کی حکومت کے بغل بچے اور ھل میں ھل ملانے والے تھے اور انہی کی نا پاک کوششوں کی وجہ سے عوام کی بھلائی نہ ھوسکی - یہی لوگ محنت کش عوام کے دشمن اور ری ایکشنری سورسس (Reactionary Sources) اور ھماری تحریکوں کو کسی نہ کسی طریقے سے کچلنے والے رھے - آج ھماری حکومت ان کے لئے معاوضہ دینے کا بندوبست کر رھی ھے - میں خود بھی انعامدار ھوں - میرے باپ دادا کو سند دی گئی تھی - میں نے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ آخر انہوں نے ملک کی کیا بھلائی کی تھی - لیکن مجھے ایسی کوئی بات معلوم نہو سکی - بلکہ یہی کہ انہوں نے جاگیرداروں، راجاؤں اور مہاراجاؤں کے دربار میں خوشامد کی تھی - ایسی صورت میں ان سے انعام واپس لیتے وقت معاوضہ دینے کی تجویز رکھنا میری سمجھ میں نہیں آتا اور پھر یہ معاوضہ کہاں سے دیا جائے گا - کس خزانہ سے دیا جائیگا - یہی عوام کے خزانہ سے عوام کی محنت کا جمع کیا ھوا پیسہ عوام سے وصول کئے ھوئے ٹیکس میں سے ھی تو انہیں دیا جائے گا اسطرح ایسے لوگ جنہوں نے آزادی کے حصول میں رکاوٹیں پیدا کیں آج آزادی حاصل ھونے کے بعد بھی انہیں آزاد حکومت آرام دہ زندگی بسر کرنے کیلئے عوام سے ٹیکس وصول کرکے انہیں معاوضہ دے رھی ھے - یہ کہا جاتا ھے کہ کانسٹی ٹیوشن کے تحت ھمیں معاوضہ دینا پڑیگا تو مجھے یہی کہنا پڑتا ھے کہ انہیں معاوضہ دینا کوئی واجبی بات نہیں ھے - ھم یہ کہہ سکتے ھیں - اور پھر آپ کہاں تک معاوضہ دیتے رھیں گے -

آپ نے جاگیر داروں کو معاوضہ دیا اب انعامداروں کو دیرھے ھیں - وطنداری کا بل آئیگا تو انہیں بھی دینگے - پٹیل پٹواریوں کو دینگے - اسطرح آپ معاوضے رکھتے جائینگے - یہ کہاں تک واجبی ھے - اس سے عوام کا کتنا نقصان ھو رھا ھے - جب انعام ابالیشن بل ھاؤس میں پیش ھوا تھا تو آنریبل چیف منسٹر نے کہا تھا کہ اس بل سے جو ۲۰ - ۲۲ لاکھ روپئے کی بچت ھوگی ھم اسکو نیشنل ولفیر پر خرچ کرینگے - لیکن اسکے ساتھ ھی یہ معاوضہ کا بل آئیگا - وہ پیسہ ادھر چلا جائیگا - جب بہت دنوں سے یہ بل پیش نہیں ھوا تھا تو ھم یہ سمجھ رھے تھے کہ حکومت شائد اسکو بہتر صورت میں پیش کریگی - اتنی دیر تو ھو ھی گئی - اب معلوم ھوا ھے کہ حکومت کانسٹی ٹیوشن میں کچھ اسطرح تبدیلی کرنے کے بارے میں سوچ رھی ھے کہ عوام کے فائدہ کے لئے بلا معاوضہ کوئی چیز حاصل کی جاسکتی ھے - جب ایسی چیز آنے والی ھے تو کیوں نہ اس قانون کو مزید دو چار مہینے روک لیا جائے تاکہ اس کے بعد ھی ھم بلا معاوضہ ان انعامی اراضیات کو حاصل کرسکیں - اس سے زیادہ فائدہ ھوگا -

[Smt. Masooma Begum (Chairman) in the Chair]

ایک اور بات یہ ھے کہ ٹیننسی ایکٹ میں ھم دیکھتے ھیں کہ زمینداروں کو خود کاشت کرنے کے لئے ۳ فیملی ھولڈنگ زمین چھوڑی جا رھی ھے - لیکن یہاں ساڑھے چار گنا انعامداروں کے لئے کیوں چھوڑا جا رھا ھے؟ آخر یہ تفرقہ کس بنا پر رکھا گیا ھے؟

س سے کیا ان قومداروں کے حقوق کو نقصان نہیں پہنچے گا جو ان زمینات پر بحیثیت قولدار کافی عرصہ سے قابض ہیں اس پر ہمیں سوچنا ہے - کئی آنریبل ممبرس اس بارے میں اپنے خیالات ظاہر کرچکے ہیں - لیکن حکومت ان باتوں پر قطعاً سوچنے کے لئے تیار نہیں رہتی - جب یہ مانگ کی جاتی ہے تو محض بحث کے لئے یہ کہدیا جاتا ہے کہ اس میں کوئی ارتھ अर्थ) نہیں ہے جو ہم چاہتے ہیں وہی کرتے ہیں - تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی غلط فہمی پر مبنی ہوگا - اس بل میں کہا گیا ہے کہ زمانے کے لحاظ سے انعام ابالیشن بل لا رہے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ زمانے کے لحاظ سے ہمیں ایک قدم اور آگے بڑھانا چاہئے - چھوٹے کاشتکاروں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچ سکے اس پالیسی کے تحت ہمیں غور کرنا چاہئے - میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل موور اس پر سوچینگے اور جو امنڈمنٹس بھی عوامی نقطہ نظر سے اور قولداروں کی پیدخلی کو روکنے کے سلسلہ میں آئینگے اون پرغور کرکے اپنے اچھے کواپریشن کا اظہار کرینگے اس امید کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

* شری کے - وینکٹ راہ راؤ (پدامنگل) :- مسٹر اسپیکرسر - دو دن سے ہاؤز میں اس بل پر مباحث ہو رہے ہیں - میں زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا - در اصل اراضیات انعامی کی چاہے ہمارے اسٹیٹ کی ہوں یا کسی اور جگہ کی ایک لمبی داستان ہے - انعامات جو عطیہ سلطانی کہلائے جاتے ہیں اونکی ایک لمبی کہانی ہے کہ کسطرح اراضیات انعامی کا سلسلہ جاری ہوا کب منتخب اجرا ہوئے - تحقیقات انعامی کے وقت کسطرح حقوق کا استحکام کیا گیا اسپر ہم کوئی دھیان دینا نہیں چاہتے لیکن جو حالات ہیں اونکے لحاظ سے حکومت کی جانب سے یہ اقدام کیا گیا ہے کہ کسی طرح زمین کے سوال کو حل کیا جائے - حکومت نے اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے چند تدابیر اختیار کئے ہیں- چنانچہ ہمارے اسٹیٹ میں صرفخاص کو ختم کیا گیا - اسکے بعد جاگیرات کو ختم کیا گیا اور اسکے بعد بٹہ داروں کے بارے میں قانون لگانداری نافذ کیا گیا اور اسکے بعد کی چوتھی کڑی یہ بل ہے - اس منشاء کا اظہار کیا گیا ہے کہ اراضیات انعامی بغیر کسی معاوضہ کے غیر مشروط طور پر حاصل کرلئے جائیں - یہ صحیح نہیں ہے - اس مقصد کے تحت ایک قانون سنہ ۱۹۵۲ء میں نافذ کیا گیا تھا جس میں فی روپیہ ۲ آنے لئے جا رہے تھے- لیکن اوس قانون سے ضروریات پورے نہ ہونے سے یہ قانون بنایا گیا ہے - بعض ہمارے دوست اسکو نگیٹیولی (Negatively) دیکھ رہے ہیں - پازیٹیولی (Positively) دیکھنا یا کوئی کنسٹرکٹیو (Constructive) سو جھاؤ دینا نہیں چاہتے - میں ہاؤز کے سامنے کہنا چاہتا ہوں کہ اس قانون سے یقیناً بڑے لینڈ لارڈ یا بڑے انعامدار کو کوئی سہولت نہیں ہے - اسکی روسے انعامداری کو برخاست کیا جا رہا ہے - البتہ اس میں چند مستثنیات رکھی گئی ہیں - چھوٹے انعامدار مثلاً بلوتہ دار - سرویس انعام - سیت سندھی - نیرڑی وغیرہ جو ہیں انکے انعام بحال رکھے گئے ہیں- کہا گیا ہے کہ بٹی بیگاری کا سلسلہ انعامات ختم کردیں تو بٹی ختم ہوجائیگی- یہ بالکل غلط فہمی پر مبنی ہے - یہ بلوتہ داریاں یا سرویس انعام نیرڑیوں یا

سینٹ سندھیوں کو جو دیا گیا ہے وہ بنی بیگاری کے بدلے نہیں دیا گیا ہے۔ جو لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں وہ مہربانی کرکے ذرا اون گشتیات وغیرہ کو دیکھیں جنکی رو سے یہ اراضیات دیگئی ہیں ۔

شری کے ۔ ایل ۔ نرسمہا راؤ (یلندو ۔ عام) :— قواعد میں تو ہے لیکن عملاً کیا ہورہا ہے ؟

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ :— میں عرض کرونگا کہ یہ صحیح نہیں ہے چونکہ اراضیات انعامی دئے گئے ہیں اسلئے بنی بیگاری لیجاتی ہے ۔ در اصل ان انعامات کے دینے کی وجہ یہ تھی کہ کسی گاؤں کو بسانے کے لئے وہاں کے انتظامات اور وہاں کے کاروبار کو مقامی لوگوں کے تفویض کرنے کے لئے اور تحریص پیدا کرنے کے لئے یہ اراضیات بطور انعام دئے گئے ہیں ۔ ان اراضیات کے دینے کا مقصد یہ نہیں ہے کہ بنی بیگاری کا وہ معاوضہ ہیں ۔ بنی بیگاری کے طریقے کو جب تک ہم دوسرے طریقوں سے ختم کرنے کی کوشش نہ کریں یہ ختم ہونے والا نہیں ہے ۔

چیریٹیبل انسٹیٹیوشنس (Charitable Institutions) کے بارے میں میں کہونگا کہ چیری ٹیبل انسی ٹیوشنس کو مصلحتاً رکھا گیا ہے ۔ انعامی اراضیات پبلک پربز (Public Purpose) کے لئے دئے گئے ہیں ۔ مثلاً کسی مدرسہ یا دھرم شالہ کے لئے دئے گئے ہیں جن سے بلا لحاظ مذہب و ملت استفادہ کیا جاسکتا ہے ۔ اگر ان اغراض کے لئے کوئی اراضی انعام مختص کی جائے تو اس سے کسی کا کیا نقصان ہے۔ اس میں تک نہیں کہ گورنمنٹ کا نقصان ہے لیکن گورنمنٹ نے اسٹیٹ کے حالات کے پیش نظر ان اراضیات کا محاصل معاف کردیا ہے ۔ ان اراضیات پر قانون نگنداری کا اطلاق نہیں ہوتا ۔ تمام اس قسم کے انسٹیٹیوشنس کے انتظام کے لئے کمیٹیاں مقرر کی گئی ہیں ۔ پجاریوں پر کوئی ذمہ داری نہیں ہے ۔ وہ صرف نگرانی کرتے ہیں ۔ ایسی صورت میں وہاں کے انتظامات میں اگر کوئی نقائص ہوں تو اونکو اور طور پر دور کیا جاسکتا ہے ۔ لیکن اس قانون کو جس نقطہ نظر سے لایا گیا ہے اوس سے گورنمنٹ کو یا کسی شخص کو نقصان نہیں ہے ۔

دوسرا اعتراض کمپنسیشن سے متعلق کیا گیا ہے اس بارے میں کئی مرتبہ مباحث ہوئے ہیں اور یہ بتایا گیا ہے کہ یہ ایک کانسٹی ٹیوشنل (Constitutional) مسئلہ ہے۔ ممکن ہے کہ آئندہ کانسٹی ٹیوشن میں ترمیم کی جائے لیکن یہ کہنا قبل از وقت ہے ۔ موجودہ حالات کے اعتبار سے ہمیں کانسٹی ٹیوشن پر چلنا ضروری ہے ۔ ہم کانسٹی ٹیوشن کے کسی پراویژن کے خلاف نہیں جاسکتے۔ کانسٹی ٹیوشن کے لحاظ سے ہم کسی کی جائداد کو بغیر معاوضہ دئے حاصل نہیں کرسکتے۔ ہمیں کانسٹی ٹیوشن کی تبدیلی کا اختیار نہیں ہے بلکہ یہ کانسٹیٹیونٹ اسمبلی (پارلیمنٹ) کا کام ہے ۔ اسلئے معاوضہ دینا ضروری ہے اور یہ چیز اپوزیشن کے آنریبل ممبرس کو بھی تسلیم کرنا پڑیگا کہ کانسٹی ٹیوشن کے لحاظ سے معاوضہ دینا ضروری ہے ۔ اب رہا یہ امر کہ کیا معاوضہ دینا چاہئے ۔ اسکے

متعلق یہ کہا گیا ہے کہ کورٹ اسکا تعین کریگی - سپریم کورٹ کے نظائر بھی اس تعلق سے موجود ہیں کہ جو معاوضہ دیا جائے وہ ریزن ایبل (Reasonable) ہونا چاہئے اور مارکٹ ویلیو (Market value) کے لحاظ سے دینا چاہئے - اگر واجبی معاوضہ مشخص نہ کیا جائے اور وہ لوگ عدالت میں رجوع ہوں تو ویسی صورت میں ریزن ایبل معاوضہ دینا پڑیگا - اسلئے ماہرین قانون نے معاوضہ کا جو تعین کیا ہے وہ مناسب سمجھا گیا ہے - اس سے معلوم ہوگا کہ .....

شری شرن گوڑہ - انعامدار :- کمپنسیشن اسکی جان ہے - اسکی بنیاد ہے -

شری کے - وینکٹ راما راؤ :- جو جان ہے جو بنیاد ہے وہ کنسٹی ٹیوشن کے تحت دینا ضروری ہے - ہم اسبارے میں آزاد نہیں ہیں کہ بغیر معاوضہ کے کسی کی جائداد لے لیں - اگر ایسا کریں تو عدالت سے ایسے احکام منسوخ ہو جائینگے - نتیجہ یہ ہوگا کہ کاشتکاروں کو جو فائدہ پہنچنا ہے وہ بھی نہ پہنچ سکیگا - ہمکو اسبارے میں تہنئے دل سے غور کرنا چاہئے - کانسٹی ٹیوشن اور نظائر کے پیش نظر ہمیں قانون بدلنا پڑیگا - اگر میرے فاضل دوست نظائر کے حوالہ سے یہ بات ثابت کردیں کہ کمپنسیشن دینے کا جو پروپوزل ہے وہ صحیح نہیں ہے یا زیادہ ہے تو میں اسکو ماننے کے لئے تیار ہوں - البتہ کمپنسیشن کے تشخص کا جو طریقہ آمدنی پر رکھا گیا ہے وہ ٹھیک نہیں ہے - میں آنریبل منسٹر (موور آف دی بل) سے عرض کرونگا کہ کمپنسیشن کے تشخص کے طریقے کو تبدیل کیا جائے کیونکہ آمدنی کے بارے میں جھگڑے ہوسکتے ہیں - اسکے بارے میں ثبوت لینا تردید پیش کرنا وغیرہ اس قسم کے جھگڑے ہوسکتے ہیں - اسلئے میں کہونگا کہ صحیح طریقہ لینڈ ریونیو کے لحاظ سے تشخص معاوضہ کا ہوسکتا ہے - لینڈ ریونیو کا ۱۰ گونا یا ۲۰ گونا جیسی بھی صورت ہو ماہرین کی رائے لیکر تعین کیا جائے تو مناسب ہوگا - ماہرین قانون سے کنسنٹ (Consent) کرسکتے ہیں کہ لینڈ ریونیو کے ۱۰ گونا یا ۲۰ گونا کتنا معاوضہ دیا جاسکتا ہے - قانوناً جسقدر کم معاوضہ دیا جاسکتا ہے اوسی قدر معاوضہ کا تعین کیا جائے - کم سے کم اقل ترین معاوضہ جسکی کانسٹی ٹیوشن اجازت دے دیا جانا چاہئے -

میں ایک اور چیز عرض کرنا چاہتا ہوں - وہ یہ کہ کمپنسیشن کن صورتوں میں دیا جا رہا ہے ہمکو اسپر بھی غور کرنا چاہئے - ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے زیادہ اراضی ہوتو اس کے لئے کمپنسیشن دیا جاتا ہے - خواہ زمین انعامدار کے قبضہ میں ہو یا ٹیننٹ کے قبضہ میں ہو یا قابض قدیم کے قبضہ میں ہو - ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ قابض کے حق میں چھوڑ کر بقیہ اراضی لیجائے تو کمپنسیشن دیا جائیگا - یہاں لینا اور دینا دونوں اصول مضمر ہیں - ساڑھے چار گونا اراضی جو سیلنگ کی ہے وہ مفت ہیں دیجائے یہ کچھ ٹھیک نہیں ہے - کاشتکار یا ٹیننٹ جو اس قانون کے اثر سے پٹہ دار ہورہا ہے اس سے معاوضہ لیکر پٹہ کر رہے ہیں - اس میں ایک نقص یہ ہے کہ قابض قدیم یا انعامدار سے حکومت کوئی معاوضہ نہیں لے رہی ہے - ہاوا برتاؤ سب کے ساتھ

یکساں ہونا چاہئے - پروٹکٹیڈ ٹیننٹ اور دوامی ٹیننٹ سے معاوضہ لیتے ہیں تو پھر قابضِ قدیم سے جسے پٹہ داری کے حقوق دئے جارہے ہیں معاوضہ کیوں نہ لیا جائے - جب انعامدار کے لئے ساڑھے چار گونا چھوڑ رہے ہیں تو اوس سے بھی معاوضہ لینا چاہئے .....

مسٹر چیرمن :— آپ اور کتنا وقت لینگے؟

شری کے - وینکٹ رام راؤ :— میں ۱۰ منٹ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

مسٹر چیرمن :— پھر تو آپ بعد میں تقریر کیجئے - اب ہم ریسس (Recess) کے لئے برخاست کرتے ہیں -

The House then adjourned for recess till Half Past Five of the Clock.

The House re-assembled after recess at Half-Past Five of the Clock.

[*Shri B. D. Deshmukh (Chairman) in the Chair*]

شری کے - وینکٹ رام راؤ :— مسٹر اسپیکر سر - میں عرض کر رہا تھا کہ جو اراضیات انعامی ہیں وہ اس قانون کے تحت گورنمنٹ کو وسٹ (Vest) ہوجائیں گے - تو پھر جو قابضین ہوں گے خواہ وہ انعامدار ہوں - یا قابضِ قدیم ہوں یا جیسا کہ تین قسم کے ٹیننٹ بتائے گئے ہیں اون کے نام اگر پٹہ ہوگا تو اون سے رقم لی جائے گی - لیکن جیسا کہ ڈرافٹ بل میں بتایا گیا ہے انعامدار قابض سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائیگا - میں گورنمنٹ کو یہ سوچنا دینا چاہتا ہوں کہ اون سے بھی معاوضہ لیا جائے جیسا کہ دوسروں سے لیا جاتا ہے - عام ٹیننٹس اور انعامداروں میں ڈسکریشن (Discretion) کرنے کی ضرورت نہیں ہے - اس کی وجہ سے یکسانیت کا عمل ہوگا - اور اس کی وجہ سے جو نقص اس قانون میں پایا جاتا ہے وہ بھی دور ہوجاتا ہے - اس کے قطع نظر میں یہ کہوں گا کہ یہ ایک جامع قانون ہے اور آج کے حالات کے تحت جو بہتر سے بہتر قانون بن سکتا ہے وہ یہی قانون ہے جو نافذ ہو رہا ہے - لیکن اس کے ساتھ ساتھ مجھے ایک دو چیزیں اسکے بارے میں عرض کرنا ہے - ڈرافٹ بل کے بارے میں یہ بتایا گیا کہ اس کے نفاذ کی تاریخ حکومت اپنے ہاتھ میں رکھ رہی ہے - اوس کے تحت حکومت اس کے دفعات کو وقتاً فوقتاً نافذ کر سکے گی - میں کہوں گا کہ یہ مناسب طریقہ نہیں ہے - جب ہم کوئی قانون بناتے ہیں تو اوس کا نفاذ فوراً ہونا چاہئے - اس لئے اس حد تک اوس میں ترمیم کی ضرورت ہے - اگر تاریخ اشاعت جریدہ سے اس کا عمل ہو تو بہتر ہے - کیوں کہ اس ہاؤز سے یہ قانون پاس ہونے کے بعد اوس کے لئے راج پرمکھ یا پریسیڈنٹ کے اسنٹ (Assent) کی ضرورت ہوگی تب کہیں وہ نافذ ہوگا اور اس اثناء میں حیدرآباد اسٹیٹ میں بجز اون دو قسموں کے انعامات کے کوئی اراضی انعام باقی نہیں رہے گی - پورے اراضیات انعام گورنمنٹ میں وسٹ ہوجائیں گے اور وسٹنگ کا پروسس ایک دم ختم ہوجائیگا - جب

پوری زمین حکومت کو حاصل ہوجائے گی تو پھر اوس کے ڈسٹریبیوشن کی سیڑھی آئیگی ۔ اوس کے لئے قواعد بنائے ہوگا اور قواعد بنانے کے بعد زمینات ری الاٹ (Reallot) کئے جائیں گے ۔ چونکہ حکومت کے احکام کا منشاء یہ ہے کہ رقم انعامی اراضیات کی اقساط میں وصول کرنا ہے اس لئے جلد از جلد اس قانون کو نافذ کیا جائے تو حکومت کو فائدہ ہوگا ۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کرونگا کہ جہاں تک ہوسکے ٹیننسی ایکٹ اور اس قانون میں مشابہت پیدا کرنی چاہئے ۔ کیوں کہ یہ دیکھا جا رہا ہے کہ دونوں قوانین میں بعض بعض مقامات پر اختلافات ہیں ۔ اوس کے علاوہ اس قانون سے یہ بھی ظاہر ہو رہا ہے کہ وہ تابع ٹیننسی ایکٹ رہے گا ۔ تمثیلاً میں عرض کرونگا کہ اگر کوئی شخص پروٹیکٹیڈ ٹیننٹ سے دفعہ (۳۳) قانون لگنداری کے تحت اراضی حاصل کرناچاہے تو لازمی طور پر پروٹیکٹیڈ ٹیننٹ کے پاس کم از کم بیسک ہولڈنگ کی ضروت ہوگی ۔ اگر پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے پاس اس سے کم اراضی ہے تو پھر اوس کو بیدخل نہیں کیا جاسکے گا ۔ اسی طرح سے اس میں بھی ہونا چاہئے ۔ اگر کسی صورت میں یہ ضرورت داعی ہوکہ انعامدار کو پروٹیکٹیڈ ٹیننٹ یا آرڈینری ٹیننٹ سے کوئی اراضی دلائی جائے تو دفعہ (۳۳) ٹیننسی ایکٹ کا تعلق اس سے بھی متعلق رہے ۔ اس کی وجہ سے جو نقص اس قانون میں پایا جاتا ہے وہ دور ہو جائے گا ۔ قانون کے تحت جو حقوق ٹیننٹ کو ملتے ہیں وہ ملنے چاہئیں ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ بعض صورتیں جو ٹیننٹس کے خلاف ہیں وہ بھی لاگو کردئے جائیں ۔ مثلاً یہ کہ اگر کسی پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کو قانون لگنداری کے تحت کوئی اراضی خریدنا ہے تو اوسکے کمپنسیشن کی ادائی کے لئے یہ ہزار دشواری اوس کو رقم فراہم کرنی پڑتی ہے ۔ اس لئے وہاں آٹھ سال کے اقساط بھی مقرر ہیں ۔ لیکن یہاں پر دیکھا جائے تو کمپنسیشن بہت کم ہے ۔ اس لحاظ سے اس قانون میں بھی بعض ایسی صورتیں ہیں جو پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے لئے اچھی ہیں ۔ اس میں کوئی قباحت کی بات نہیں ہے ۔ اوس کے بعد قابض قدیم کی تعریف ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قابض قدیم کی جو تعریف یہاں کی گئی وہ مذبذب اور مبہم ہے ۔ عدالتوں میں جانے کے بعد اس کی تعبیر مختلف طور پر ہوگی جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مقدمہ بازی ہوگی اور حقیقی انصاف ہونے میں خلل واقع ہوگا ۔ اس لئے قابض قدیم کی معین تعریف ہونی چاہئے ۔ ہمارے پاس قانون کے لحاظ سے قابض قدیم کا رتبہ اراضیات انعامی کے بارے میں قائم ہے ۔ اگر ترتیب منتخب سے قبل کوئی شخص قابض ہے وہ قابض قدیم کہا جائے گا ۔ اوس کے بارے میں اصول یہ ہے کہ اوس کو اراضی سے بے دخل نہیں کیا جا سکیگا ۔ وہ اراضی چونکہ عطیہ ہے جو منتخب کے ذریعہ ایک شخص کو دی گئی ہے اس لئے ریونیو بھی اوس شخص کو دیا جائے گا ۔ اور جو حقوق اور ذمہ داریاں عام پٹہ داروں کی ہیں وہی اس کے لئے بھی ہیں لیکن مدت کا تعین نہیں ہے ۔ قابض قدیم کی تعریف کے سلسلہ میں یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ جو شخص بارہ سال سے قابض ہے اور ڈاکیومنٹ (Document) کی رجسٹری نہیں ہوئی بلکہ معمولی دستاویز ہی کی بناء پر عمل ہو رہا ہے اوس کو بھی قابض قدیم قرار دیا جائے ۔ یہ اصولاً صحیح نہیں ہوسکتا ۔

اگر اوس کے حقوق ملکیت دلانا ہی ہے تو دوسرے ذرائع اختیار کئے جاسکتے ہیں لیکن قابض قدیم کی تعریف اس سے متعلق نہیں ہوسکتی - اس قانون میں قابضین کی کیٹیگوریز (Categories) کی گئی ہیں یا تو وہ انعامدار ہونا ہے جو اس قانون کے پہلے سے ہی قابض ہے- لیکن کسی نہ کسی وجہ سے کسی دوسرے انعامدار کے نام منتخب جاری کیا گیا ہے - یہ پیچیدگی بھی ہوسکتی ہے- اس کے بعد یہ بھی طئے ہوا کہ ایسے قابض انعام کو بے دخل نہیں کیا جاسکے گا - اوس کے حقوق کلیتاً مالک اراضی کے ہوں گے اور جو مالگزاری گورنمنٹ کو دی جاتی ہے وہی اوس کو دی جائے گی - یہ صراحت اس قانون میں بھی ہوجائے تو مناسب ہے- اگر (۱۲) سالہ قابض کو قابض قدیم قرار دیا جائے تو اڈورس پوزیشن (Adverse position) ہونا چاہئے لیکن ایسی اڈورس پوزیشن اراضی انعام کے بارے میں نہیں ہوسکتی - دوسرے دفعات بھی ایسے ہیں جن کے تحت تمام اراضی گورنمنٹ کو وسٹ ہوجائے گی - اور پروٹیکٹیڈ ٹیننٹ وغیرہ کی ذمہ داریاں گورنمنٹ کو وسٹ ہوجائیں گی اور اوس کے بعد وہ ری الوکیٹ (Allocate) ہوں گی - اس لحاظ سے زائد از بارہ سال کے جو قابض قدیم ہیں اون کو قابض قدیم کی تعریف میں لینے کی ضرورت نہیں ہے - اس کے بعد جو دوسرے لوگ قابض ہوں گے وہ پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کی تعریف میں آجائیں گے - پروٹکٹیڈ ٹیننٹس - پرمیننٹ ٹیننٹس اور وہ قابض جو بہ حیثیت قولدار ہیں اور نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ہیں اون تینوں کی ذمہ داری اور حقوق مساوی ہیں - اب یہ کہنا کہ جو شخص بارہ پندرہ سال سے قابض ہے یا کوئی معاہدے کی بناء پر قابض ہے اوس کو قابض قدیم قرار دیا جائے تو پیچیدگیاں ہوں گی کیوں کہ گورنمنٹ کے مقابلہ میں تو (۶۰) سال کا عرصہ ہونا چاہئے تب ہی حق ملکیت حاصل ہوں گے - غرض یہ کہ اس میں پیچیدگیاں ہیں - ایسے حالات پیدا کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ عدالت میں جائیں گے وکلاء دونوں کو پریشان کریں گے اور بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا - اس کے بعد اڈمنسٹریشن آف جسٹس (Administration of Justice) کے لئے جو طریقہ رکھا گیا ہے میں کہوں گا کہ وہ صحیح ہے- یہاں کلکٹر کو کمپنسیشن مقرر کرنے کا اختیار دیا گیا ہے اور یہ بھی اختیار دیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص فوراً اس کے متعلق درخواست دے تو ٹریبیونل کو ریفر (Refer) کیا جا سکتا ہے - اس ٹریبیونل میں ایک ایسا شخص بھی رہے گا جس کا درجہ ڈسٹرکٹ جج سے کم نہ ہو - اور ڈسٹرکٹ جج کا درجہ حاصل کرنے کے لئے کم از کم ۱۰ سالہ پریکٹس کی ضرورت ہے - گویا وہ شخص کافی تجربہ کار ہوگا - اس لئے امید ہے کہ ہر طبقہ کے لئے انصاف ہوگا - اس کے علاوہ کلکٹر کے فیصلہ کی ناراضی سے ریویو بورڈ میں اپیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اوس کی اپیل ٹریبونل ہی سماعت کریگا - اور اوس کے بعد ہائی کورٹ میں بھی اپیل ہوسکے گی -

ان حالات میں موور آف دی بل جتنی ترمیمات ہیں فوراً نافذ کرنے کے بارے میں انعامداروں سے کچھ معاوضہ وصول کرنے کے بارے میں اور قانون لگانداری کے بعض سکشنس کو لینے کے لئے معمولی سی ترمیمات کرلیں تو یہ بہتر سے بہتر قانون ثابت ہوگا -

اور میں عرض کرتا ہونکہ انعامداروں سے بڑھکر ٹیننٹس اور قابضین کو فائدہ ہوگا - البتہ اس کے لئے کوشش کرنے کی ضرورت ہے - اگر اس قانون کے بارے میں غلط فہمی پیدا کرئیں اور یہ کہتے پھریں کہ اس سے انعامداروں کا فائدہ ہو رہا ہے - چار پٹیبل انسٹیٹیوشنس ہی فائدہ اٹھارہے ہیں اکسپلائٹ کررہے ہیں تو اس سے جو فائدہ ہوسکتا ہے وہ نہوگا - اسلئے ہاؤز سے میری یہ اپیل ہے کہ وہ اسکو صحیح اسپرٹ میں سمجھیں -

اسکے بعد ترمیمات کی حدتک جیسی ترمیمات مناسب سمجھا ہیں نے پیش کی ہیں - اگر کنسٹرکٹیو سو چنائیں دیسکے ہیں - اگر یہ ریزنیبل ہیں خواہ وہ ادھر سے آئیں یا اودھر سے انکو قبول کیا جائیگا -

*శ్రీ కె. రామచంద్రారెడ్డి: (రామన్నపేట)—మిస్టర్ స్పీకర్, సర్,

کورٹ کے سامنے ایسے نظائر آئے ہیں کہ وہ ریوینیو نہ دیں اور اسسمنٹ لیں تو اکوالیٹی نہ رہے گی - اس لئے اس کو رائٹ نہ تصور کرتے ہوئے بلکہ پریولیج قرار دیتے ہوئے اس کا تصفیہ کیا جائے - یعنی انعام ایسا پرمینٹ رائٹ نہ تھا جو وراثتاً اسکو ملتا تھا اس لئے وہ پراپرٹی رائٹ نہیں ہے - لیکن اس دوران میں در اصل کون مالک تھا - حقیقتاً حکومت اس کی مالک تھی اس وقت یہ کنسپشن (Conception) تھا کہ یہ حکومت کی اراضیات ہیں - اس لئے اس میں رائٹ ٹو پراپرٹی (Right to property) نہیں ہے - میں مثال دیتا ہوں کہ آرٹیکل ۳۱ میں حکومت پر کونسی پابندی عائد کی گئی ہے - سب کلاز (۱) میں اسطرح کی پابندی ہے -

"No person shall be deplived of his property save by Law"

یعنی غیر قانونی طور پر کسی شخص کو اپنی جائداد سے محروم نہ کیا جائے - قانوناً غیرجائز ہو تو لے سکتے ہیں - اس لئے سب کلاز ۱ اس کے آڑے نہیں آئے گا - سب کلاز ۲ میں لیجسلیچر پر جو پابندی عائد کی گئی ہے وہ اسطرح ہے -

"No property, movable or immovable, including any interest in, or in any company owning, any commercial or industrial undertaking, shall be taken possession of or acquired for public purpose.."

"Unless the Law provides for compensation for the property taken possession of or acquired and either fixes the amount of the compensation or specifies the principles on which, and the manner in which, the compensation is to be determined and given".

اگر اس جائداد کو قبضہ میں لینا ہے تو پبلک پرپزس (Public purposes) کی صورت میں لے سکتے ہیں۔ آپ تو انکے پاس ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ زمین رکھ رہے ہیں، آپ نہیں لے رہے ہیں پھر بھی آپ انہیں معاوضہ دیتے ہیں . . . .

श्री. गोविंदराव नरसिंगराव मोरे - इंटरेस्ट से क्या प्रिव्हिलेज नहीं होता ?

شری ادھو راؤ پٹیل :— انٹرسٹ یہی ہے کہ ریوینیو نہیں دیگا - یہی پریویلیج ہے - سکشن ۴ کے تحت کوئی پریویلیج نہیں رکھا جاسکتا - آپ اس کے لئے عطیات کے قانون کو رپیل کر دیجئے - بمبئی میں اسی چیز کو دور کرنے کے لئے وہاں انعام ابالیش ہوئے - پرسنل انعام کی انہوں نے تعریف کرتے ہوئے بتایا کہ اس میں جاگیرات اراضیات اور نقد عطیات رہینگے - ابالش ہونے کے معنی یہ نہیں ہیں کہ گورنمنٹ میں وسٹ ہونگے - وسٹ ہوتے ہیں تو قبضہ لینے کا مفہوم آجاتا ہے - آپ نے یہاں اس پر غور نہیں کیا - آپ انعامداروں کو سپریم کورٹ میں جانے دیتے - ٹرائیل کے طور پر یہ کرتے - لیکن حکومت جو انعامداروں کی رپریزنٹیٹیو اور محافظ ہے اسنے ایسا کرنا مناسب نہیں سمجھا - وہ تو چاہتی ہے کہ جہاں تک ہوسکے انہیں فائدہ پہنچائے - بمبئی میں معاوضہ کس صورت میں دیا گیا وہ میں آپ کے سامنے رکھتا ہوں - کلاز (۵) کا سب کلاز (۲) یہ ہے

Section 5 (2) (*a*) An Inamdar in respect of the Inam land in his actual possession or in possession of a person holding from him other than an inferior holder, referred to in Clause (*b*) below, or

(*b*) an inferior holder holding Inam land on payment of annual assessment only, shall primarily be liable to the State Government for the payment of land revenue due in respect of such land held by him and shall be entitled to all the rights and shall be liable to all obligations in respect of such land as an occupant under the Code or the rules made thereunder or any other law for the time being in force.

مجھے بمبئی کے قانون کا تجربہ ہے - وہاں میرے رشتہ داروں کے نام انعام ہیں - ایک جگہ سکشن (۶) میں لینڈ ریوینیو نہیں رکھا گیا ہے - لیکن ہم لینڈ ریوینیو کو نکالتے ہیں - سب کلاز ۲ بی میں ایسے رول بنائے ہیں کہ اگر کسی کو رائیٹ ہوتا ہے تو وہ سکس ٹائیمس ریوینیو (Six times revenue) خزانہ میں داخل کرتا ہے - اگر حکومت چاہتی تو دوسرے ہاتھ سے کمپنزیشن نکال سکتی تھی جبکہ آپ ان کو

مستقل مالک بنا رہے ہیں - آپ انہیں کیوں مفت میں دیدیتے ہیں - آپ نے اس جائداد کا معاوضہ دیا جائداد آپ کی ہوگئی - جب آپ منتقل کر رہے ہیں تو آپ کو قیمت کا تعین کرنے کا اختیار ہے - بمبئی گورنمنٹ نے یہ رکھا کہ ریوینیو کا چھ گونا داخل کریں - آپ اس طرح ۳۱ کو صفائی کے ساتھ اوائیڈ کرسکتے تھے - سکشن (۶) میں یہ ہے کہ

Section 6. Notwithstanding anything contained in any law, usage, settlement, grant compensation, sanad or order but subject to the provisions of this Act, a sum equal to seven times the amount of cash allowance referred to in section 2 (1) (*e*) (*ii*), if any, due to an Inamdar as personal Inam shall be paid to him as compensation in consideration of the extinguishment of his right to receive such allowance.

حکومت کو اس سے کوئی مفاد حاصل نہیں ہے - مفاد اس معنی میں کہ اس کے سامنے فائیو ایر پلان ہے - اور آپ انہیں کافی معاوضہ ادا کررہے ہیں - ایسی غلط ڈرافٹنگ کی گئی ہے کہ اس کا کل انٹرسٹ تو گورنمنٹ میں وسٹ ہوگا - ڈپریویشن (Deprivation) جو ہوتا ہے وہ دو طریقے سے ہوتا ہے ایک تو ڈسٹرکشن (Destruction) اور دوسرے کانفسکیشن (Confiscation) آپ گیٹنگ پوزیشن آر ایکویزیشن (Getting position or acquisition) نہیں کرتے - انکو جو پریویلیج دیا گیا ہے وہ بند کرتے ہیں - اس لحاظ سے آپ کا پوزیشن اسٹرانگ (Strong) تھا - اور آپ سپریم کورٹ میں بھی اسی کو ریپرزنٹ (Represent) کرسکتے تھے - لیکن ایسا نہیں کیا جاتا اور کہا جاتا ہے کہ اپوزیشن تو بس حکومت پرچار جس ہی لگاتی ہے - مگر آپ اسپر غور کیجئے - سکشن (۳۱) کا میں جو انٹر پریٹیشن (Interpretation) کررہا ہوں وہ ہوسکتا تھا -

[Shri Anna Rao Ganmukhi (Chairman) in the Chair]

اسکے بعد ریلیجس انسٹی ٹیوشنس (Religious Institution) کے انعامات بحال رکھنے کی کیا وجہ ہے - ہاں انگریز دور حکومت میں انکا نظریہ یہ تھا کہ یہاں کے لوگوں کے ریلیجس معاملات میں دخل نہ دیا جائے کیونکہ یہاں کے لوگ زیادہ مذہبی ہیں اور اگر انکے معاملات میں دخل دیا جائے تو سخت مخالفت ہوگی - اور انہیں برقرار رکھکر وہ اکسپلائیٹیشن (Exploitation) کرنا چاہتے تھے - انہوں نے کیا اور وہ واجبی تھا - لیکن آج تو وہ حالت نہیں ہے - ریلیجس معاملات پر کئی لیجسلیشنس پاس ہوچکے ہیں - ہندو وومنس رائیٹ ٹو پراپرٹی ایکٹ (Hindu Womens Right to Property Act) ہے .....

مسٹر چیرمن :— انڈومنٹس ایکٹ ہے -

شری ادھو راؤ پٹیل :— ہاں - انہیں کیوں رکھا گیا - اس طرح برقرار رکھنے سے کیا آپ کی سیکولر گورنمنٹ میں مشکلات نہیں پیدا ہونگی - اور پھر دیکھئے کہ ان

انعامات کا کیا حشر ہو رہا ہے ؟ ان سے کیا خدمت ہورہی ہے - میں جانتا ہوں کہ جو مٹھ بتی ہیں انکا کیا حال ہے - وہاں برائیوں کے اڈے ہیں -

بس یہی کہ وہ شادی نہیں کرتے مگر سب کچھ ہوتا ہے -بلکہ میں یہاں تک کہونگا کہ انکی حالت ہندو دھرم کے لئے ایک کلنک ہے - انکا وجود میں بے عزتی سمجھتا ہوں - لیکن آپ ان کے لئے برقرار رکھتے ہیں - جس انڈومنٹ ایکٹ کا رفرنس دیا گیا ہے اس میں انہیں ٹینٹس سے بالا تر رکھے ہیں - ایسے کیسس ہیں کہ مٹھ پتی کوشش بھی نہیں کرتے تھے آپ اس کا دس گونا ریوینیو رنٹ وصول کرتے ہیں - خیر میں اس تفصیل میں جانا نہیں چاہتا - میسور میں بھی اسی لئے اس چیز کو سلکٹ کمیٹی کے تفویض کیا گیا - وقت کی کمی کے لحاظ سے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Mr. Chairman: Only 2 to 3 minutes will be allotted for the hon. Member.

Shri Devisiugh Chauhan (Ausa): In view of the time given to other hon. Members, I expect that I would be given at least ten minutes.

Mr. Chairman: The time appointed for the Minister's reply was 7 O'clock and it is already past 7 p.m. Anyhow, five minutes' time is allowed to the hon. Member.

Shri Devisingh Chauhan: I think it would be very difficult to express within such a short time on many points raised during the debate.

Mr. Chairman: The hon. Member can summarise his points.

Shri Devisingh Chauhan: The Inam Bill has a long history behind it. The Ministry representative of this Assembly was constituted on 6th March, 1952. Only a day before that date *viz.*, on 5th March, 1952 the Inams Enfranchisement Act was enforced. As the representatives of the people were feeling that the said Act should be revised, another Bill, was brought before this House. The principles incorporated in the new Bill were the same as in the old Act. The Act of 1952 was Enfranchisement of Inams Bill; and the new Bill also was the Enfranchisement of Inams in the State. It was however felt that simple enfranchisement would not be sufficient but abolition should be undertaken and the rights of the tenants should be protected. Therefore this Bill has been brought before this House. I congratulate the Government for accepting these principles and the necessity for incorporating these principles therein. The aims and objects of the Bill have been set out in the Statement of Objects

and Reasons. I would just draw the attention of the House to those aims and objects.

The present Bill intends abolition of all inams excepting religious and service inams. Next, it provides for full assessment being charged for such abolished inams. Under the first Act, only 1/8th of the land assessment or jodi was envisaged to be charged; under the new Bill full assessment was charged; and under the present Bill also full assessment was sought to be levied on the Inamdars. The most important consideration for bringing this Bill is the retention by the Inamdar as well as the tenants of lands under their personal cultivation. The Act and the subsequent Bill which was withdrawn did not envisage to retain the possession of the tenants of lands which they were cultivating for so many years. The present Bill before the House accepts this principle. It should therefore be clear to the hon. Members that by accepting this Bill the House will provide to retain the possession or the occupancy rights of tenants in respect of Inam lands.

Mr. Chairman: There is not much time. I therefore request the hon. Member to cut short his speech.

Shri Devisingh Chauhan: I request the Chairman to give me at least 5 or 10 minutes.

Mr. Chairman: Only 5 minutes.

Shri Devisingh Chauhan: As there is no time and as I am pressed to curtail my speech, I shall only just refer to some of the points.

My first point is about the Statement of Objects and Reasons. What appears to me to be untenable is the following sentence appearing in the Statement of Objects and Reasons:

"Further the Act is likely to be challenged as being discretionary,"

This refers to the Act of 1952. That Act tried to levy only 1/8th of the land assessment on the Inamdars, and patta rights were given to them. At that time, Government might have taken counsel from the Legal Adviser. At the time of drafting the previous Bill, also, legal advice was obtained, and, I think, Government might have been fully satisfied that the existing Act of 1952, or the Bill which was withdrawn, in 1953—both of these pieces of legislations—were

fully valid, if full assessment was charged to the Inamdars and pattas were given to them. So, the Act of 1952 as also the Bill which was withdrawn were not discretionary. Under the circumstances, the sentence quoted by me above from the Statement of Objects and Reasons, I feel, is unnecessary.

One departure has been made in this Bill, *i.e.*, the Bill seeks to give some compensation to the Inamdars. The reason for giving compensation is that we are taking Inam lands from the Inamdars and making the pattas of these lands in the name of the tenants (*Interruptions from Several Opposition Members*).

شری ادھو راؤ پٹیل :— ان کے لئے ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ چھوڑی جا رہی ہے۔

Shri Devisingh Chauhan : I am sorry, I cannot go into details, because the time at my disposal is very short. It cannot be said that the enactment which was enforced after the promulgation of the Constitution was on faulty grounds. The compensation proposed under this Bill is on quite different grounds. Therefore, the sentence quoted by me should not be there in the Statement of Objects and Reasons.

The object underlying this Bill, *viz.*, that the inamdars and the tenants on the inam lands should retain their lands, is quite laudable, and I congratulate the Government on this. But when we go through the provisions of the Bill, the same object has, I am afraid, been relegated to the back-ground. Because, when the question of giving patta rights to the inamdars is considered in section 4, in spite of the fact that Inamdars may have pattas of a large number of acreage in their name which they cannot resume under the existing Tenancy and Agricultural Lands Act, still an attempt is being made under section 4 to give some more land from the Inam lands to the Inamdars. I admit that by this provision, the actual possession of the inamdars is not disturbed. The possession will be with the tenants, but still, patta rights would be given to the Inamdars and the consequential effect upon the tenants would be the application of Section 44 of the Tenancy Act. By this procedure, the Inamdar gets the right of disturbing the possession of tenants. Therefore, I submit, that this provision of giving patta rights to the Inamdars in addition to the patta lands which he holds, indirectly goes against the objects which have been apparent in this legislation. I would request the Member in charge of this Bill to reconsider the issue.

Similarly, the scope of the word "Inamdar" has been greatly increased. The main object of reconsidering the existing Inam law was simply to protect the rights of the tenants. But here, an attempt has been made to widen the scope of the definition of the word "Inamdar". Formerly, the word "Inamdar" simply meant a person who holds Inam land. Under the revised definition, "Inamdar" means a person holding an inam or a sharer therein, either for his own benefit or in trust and includes the successor in interest of an Inamdar and, where an Inamdar is a minor or of unsound mind or an idiot, his lawful guardian and where an Inamdar is a Member of a joint Hindu family, such joint Hindu family. "Inamdar means a person holding an Inam"—this is the old part of the definition. The subsequent words have been added to them. So, the definition of the word "Inamdar" has been greatly widened, and when the question of allotting patta rights to the Inamdars would come, then, though the Inamdar may be one single person, yet, some 5, 10 or 15 sharers in the Inam lands may come forward and claim that they also are entitled to get 4½ times the family holding of patta on their names.

Mr. Chairman: A person can be interpreted to mean only one person.

Shri Devisingh Chauhan: May be, Sir. By widening the definition of Inamdar, we are simply creating more scope for depriving the tenants of their patta rights and giving more advantage to the Inamdars. I would strongly plead that the original definition of "Inamdar" which had been accepted in the Atiyat Act, the Act of 1952 and also in the Bill which was withdrawn in 1953 should be retained, and that we should not make any attempt to widen the scope of the definition, which could only lead to the deprivation of the rights of the tenants.

I would like to invite the attention of the House to section 8 where non-protected tenants are given the patta rights. The protected tenant has been defined as one who has been declared protected under the sections of Tenancy and Agricultural Lands Act. But here, it has been provided that a tenant who has obtained possession of land after 10th June, 1950, would not be entitled to any patta right. So, I would invite the attention of hon. Member in charge to the repugnancy or conflict between the definitions of a protected tenant and a non protected tenant. This conflict should be removed.

Mr. Chairman : Difference between the Tenancy Act, and this Act :

Shri Devisingh Chauhan : In this very Act, itself, a protected has been defined as a person who is declared a protected tenant under the provisions of the Tenancy Act.

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— کیا جواب کے لئے وقت بڑھایا جائیگا -

مسٹر چیرمن :— اگر ضرورت ہوتو بڑھایا جائیگا -

Shri Devisingh Chauhan : So, a protected tenant can become a protected tenant after retaining his possessions for one year, after 10th June, 1950. That is, if he retained his possession up to June 1951, he becomes a protected tenant. But under section 8, it has been provided that a person who obtains the possession of the Inam land after June, 1950 would not be entitled to patta rights. So, there is....

Mr. Chairman : This can be dealt with when the amendments to the relevant clauses are taken up.

Shri Devisingh Chauhan : Mr. Chairman, Sir. If your suggestion is fulfilled, then my argument will not have been in vain.

I want to say a word about compensation. Without going into the merits and the amount of compensation, I would just draw the attention of the hon. Member-in-charge of the Bill to the compensation which has been provided for kabiz-e-kadim, tenants. They give only land revenue to the Inamdars. The Inamdars, under these conditions, are entitled only to land assessment. But here, when patta rights are being given to the Inamdar, then, even he is entitled to compensation under section 12. This is not correct, because, under the old Act or the Bill withdrawn, simply full assessment was charged and no compensation was paid. This was quite valid and unassailable. It cannot be assailed on legal or constitutional grounds. Therefore, it is unnecessary to provide any compensation to the Inamdar when the patta rights of his land have been given to him.

I would now like to draw the attention of the House to one general aspect. The hon. Member from Osmanabad referred to section 31 of the Constitution as applicable to all the property under the Inam Bill. I would like to submit that

that is not so. The Constitution has been amended in 1951, and for dealing with Estates, section 31-A, has been particularly incorporated in the Constitution. Section 31-A, lays down that if an Estate has been taken possession of by the Government without providing any compensation, even, in those circumstances, the legislation cannot be quite assailed, provided it gets the assent of the President. Under the Inam Bill, if all the Inams were vested in the Government and no compensation were provided; and the assent of the President is obtained, then it would mean a very valid piece of legislation. It cannot be challenged. It does not attract any other provisions of the Constitution, making this piece of legislation invalid or void. But, in providing compensation under this Bill, it is the intention of the Government that a certain section of the agriculturists who were enjoing some income from agriculture should not be at a moment's notice disturbed; they should get some other occupation or source of income. So, compensation has been provided. That is the intention. The same object could have been attained if rehabilitation grants were given. It was not necessary to provide compensation. In a way, we are simply providing some means to certain sections of the community to adopt other professions. We don't want to disturb them immediately and leave them without any means of livelihood at this moment.

شری گروا ریڈی :— گدوال اور ونپرتی کے راجہ صاحب کو بھی تو آپ دے رہے ہیں۔

Shri Devsingh Chauhan: Without going into individual cases which the hon. Member wants me to do, I will only discuss the general nature of the problem.

مسٹر چیرمن :— اب ساڑھے سات بج چکے ہیں اسلئے آپکو وقت نہیں مل سکتا ورنہ اسکو کل پر رکھنا پڑیگا۔

Shri Devisingh Chauhan: So, the time at my disposal is over, and without taking more time of the House, I would request the hon. Member in charge of the Bill to bring in some amendments, so that this legislation will be of real benefit to the tenants.

The main object of reconsidering the Inams Abolition Bill is simply to protect the rights of the tenants. Whatever is necessary for the protection of the rights of the tenants on these inam lands should be done. Whether it is the definition of the 'Inamdar', whether it is the issue of compensation,

or whether it is the question of giving patta rights to the Inamdar and also the tenants, all these questions should be reconsidered, and I think with these small adjustments this legislation would be very healthy and very progressive.

Some Members of the House have referred to Bombay legislation. I can make myself bold enough to say that our Bill is far more progressive and advanced than the Bombay legislation. The Bombay legislation is simply an Enfranchisement Act. Ours deals with the abolition of Inams. The Bombay Act, does not take into consideration the rights of the tenants on these Inam lands; our purpose in bringing this Bill before this House is to protect the rights of the tenants on the Inam lands. Not only are we protecting their rights, but we are giving patta rights to them. We may charge some compensation, but it is immaterial because we are giving patta rights to the tenants.

I once again congratulate the Government for bringing before this House an advanced and progressive piece of legislation for the protection of the rights of Inam tenants.

Shri A. Gurva Reddy: Mr. Chairman, Sir, If the hon. Minister takes more than 30 minutes to reply he may be given time for that purpose tomorrow.

مسٹر چیرمن :— کیا آپ آدھے گھنٹے میں اپنی تقریر ختم کریں گے ۔

شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی :— مجھے تو ایک گھنٹہ دیا گیا تھا اسپیکر صاحب نے کہا تھا کہ ۷ بجے سے میں جواب دوں ۔ چونکہ ممبرس نے اسپیچس دینے پر اصرار کیا تھا اس لئے ٹائم بڑھ گیا ۔ اگر ساڑھے آٹھ تک ٹائم دیا جائے تو اچھا ہے ورنہ میں آدھ گھنٹے میں ختم کرنے کی کوشش کروں گا ۔

مسٹر اسپیکر سر :— کونسے الفاظ کس دفعہ میں رکھنا چاہئے یا کونسی ترمیم کونسے دفعات میں ہونی چاہئے اس بحث کی یہ نوبت نہیں ہے ۔ عام طور پر یہاں تو صرف ہم کو قانون کے وضع شدہ دفعات کے منشاء پر ہی بحث کرنی چاہئے ۔ اس لئے میں ہر چیز کا علحدہ علحدہ جواب نہیں دوں گا بلکہ مجموعی طور پر جواب دینے پر اکتفا کروں گا ۔

اس قانون پر صحیح رائے زنی کرنے کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم یہ صحیح طور پر سمجھیں کہ اراضی انعام در اصل کیا چیز ہے ۔ بعض مباحث سننے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اراضی انعام کے صحیح مفہوم پر غور ہی نہیں کیا گیا ۔ اگر اراضی انعام کا مفہوم اچھی طرح سمجھ لیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ جتنے مباحث ہوئے ہیں اون میں کے آدھے مباحث خود بہ خود ختم ہو جاتے ہیں ۔ اس لئے

میں سب سے پہلے اراضی انعام کے اصل مفہوم کو واضح کرنا چاہتا ہوں۔ جو اراضیات بہ تعلق عطیات ہوتے ہیں ان کو ہم نے انضمام کے قوانین کے اغراض کے لئے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ جہاں تک ''موضع'' کا تعلق ہے اوسے جاگیر کی تعریف میں داخل کیا ہے۔ خواہ وہ اگرھارھو اصلی یامکاسا یا اور کچھ۔اور ایسی جاگیریں ابالیشن آف جاگیرس کے ساتھ ھی ختم ھو گئیں۔ لیکن جہاں موضع نہیں صرف اراضی ہے تو اوس کو ہم انعام کی تعریف میں لے رہے ہیں۔ اور اوسی کو ہم ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اراضی انعام میں مقطعہ خواہ وہ مشروط الخدمت ہو یا غیر مشروط الخدمت ہو۔ بالمقطعہ ہو یا بلا مقطعہ وغیرہ یہ جملہ اراضیات عطیہ اراضی انعام کی تعریف میں داخل ہیں۔ جاگیرات میں معطی لہ کو صرف محاصل سے استفادہ کرنے کا حق دیا گیا ہے۔ اون کے اسناد میں یہ چیز لکھ دی جاتی ہے۔ اور پٹیل پٹواریوں۔ دیشمکھوں اور عام رعایا کو یہ بتایا جاتا ہے کہ فلاں جاگیر فلاں کو دی گئی ہے آئندہ وہ اس کے محاصل سے استفادہ کریگا اراضی میں کوئی حقیت اوس کی نہیں رہے گی۔ اس لئے ابالیشن آف جاگیرس کے پہلے اور اوس کے بعد بھی یہ احکام دئے گئے تھے کہ کوئی جاگیردار اپنی جاگیر میں کسی اراضی کا اپنے نام پٹہ نہیں کرسکتا۔ اس میں استثنا یہ رکھا گیا تھا کہ وہ ذاتی کاشت کی حد تک پٹہ کر سکتا ہے۔ برخلاف اس کے اراضی انعام کی صورت مختلف ہے۔ انعام میں محاصل سے استفادہ کرنے کا حق دیا گیا ہے اور قبضہ کے حقوق سے بھی استفادہ کرنے کا حق دیا گیا ہے۔ آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ چوں کہ انعام دار کو قبضہ منتقل کرنے کا حق دیا گیا ہے اس لئے اوس کو معاوضہ نہیں دینا چاہئے۔ آپ یہ سمجھ رہے ہیں کہ اوس کو صرف محاصل سے استفادہ کرنے کا حق دیا گیا ہے۔ اس تصور کی بنا پر اس قانون پر غور کیا جا رہا ہے جو ایک بنیادی غلطی ہے۔ انعامدار کو جیسا کہ میں نے کہا بلا ادائی محاصل سرکار اراضی استفادہ کرنے کا حق حاصل ہے۔ خواہ زمین خود کاشت کرے یا قول پر دے۔ بجز اس کے کہ اوس کے انعام میں کوئی حصہ مقرر کیا گیا ہو۔ اس سے ظاہر ہے کہ محاصل سے استفادہ کرنے کے علاوہ اراضی دوسرے کو دینے یا اپنے استفادہ کیلئے رکھنے کا حق بھی حاصل ہے۔ بعض مباحث سے معلوم ہو رہا ہے کہ بعض لوگ یہ تصور کر رہے تھے کہ حق انتقال انعامدار کو نہیں اس میں شک نہیں زمانہ سابق میں جو فرامین جاری ہوے تھے اوس کے تحت بیع یا رھن کرنے کا اختیار نہیں تھا۔ اوس وقت یہ طے کیا گیا تھا کہ انعامدار اپنے حقوق کو منتقل نہ کرے۔ لیکن ۱۸ فصلی میں ایک حکم کے ذریعہ اس کی وضاحت کی گئی۔ میں وہ حکم ابھی آپ کو پڑھ کر سناؤں گا۔ اس کے ذریعہ حکم دیا گیا ہے کہ انتقال معاش پر جو امتناع عائد کیا گیا ہے اوس کا منشا یہ نہیں کہ کوئی شخص اس اراضی کا حق مقابضت دوسرے کو نہ دے۔ اس اراضی پر وہ دوسرے کو پٹہ دار بنا سکتا ہے۔ اور بہ تقرر پن اور نزول پر دے سکتا ہے۔ جو ممانعت منتقلی کی ہے وہ حق انعام سے ہے۔ حق قبضہ یا حق پٹہ کی منتقلی سے یہ احکام متعلق نہیں ہیں۔ یہ آج کا حکم نہیں ہے بلکہ ۸ ف کا ہے اگر ہم اس کو مان لیں تو یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ انعامدار کے دو حقوق میں سے ایک حق کی منتقلی پر امتناع

عائد ہے۔ لیکن دوسرے حقوق یعنے حقوق قبضہ یا انتقال پر امتناع نہیں ہے ۔ اگر یہ تسلیم کرلیا جائے تو تمام مباحث خرد بخرد ختم ہوجاتے ہیں ۔ وہ حکم میں پڑھ کرسناتا ہوں —

" ..... انعامداران کو جن کی اراضی بہ حکم بحالی دوام تصفیہ پاچکی ہے ضرور یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی اراضی بہ تقرر پن کاشت پر دیں تعمیر امکنہ کے لئے پٹہ پر دیں یا خود اوس میں کاشت کریں یا مکان بنائیں ممانعت نہیں ہے ۔ بیع، رہن ، ہبہ عطیہ شاہی کو اس صورت سے بالکل تعلق نہیں ہے ۔ بہ تعین پن پٹہ پر دینا داخل انتقال ملکیت نہیں ہے "..... .

یہ صراحت سنہ ۱۸ ف میں ہوئی ہے اور اس سے صاف ظاہر ہوگا کہ انعامدار آراضی پٹہ پر دے سکتا ہے ۔ ایسا حق پٹہ قانون مالگزاری کے تحت قابل توریث ہے ۔ اگر کوئی رائے شخص مر جائے تو اوس کے ورثاء کو اوس کا حق پہنچتا ہے اور وہ اوسکو رہن یا بیع کرسکتے ہیں ۔

شری بی ۔ ڈی ۔ دیشمکھ (بھوکردن ۔ عام) :— میرا خیال یہ ہے کہ پٹہ بہ معنی قول استعمال ہوا ہے نہ کہ بہ معنی حقوق ۔

شری کے ۔ وینکٹ رنگا ریڈی :— مال کے قانون میں ایسا نہیں ہے البتہ دیوانی قانون میں پٹہ اور قول مترادف الفاظ ہیں ۔ قانون مال میں پٹہ اور چیز ہے اور قول اور چیز ۔ قول مدتی بھی ہوا کرتا ہے لیکن پٹہ مدتی نہیں ہوتا ۔

شری کے ۔ اننت ریڈی :— کیا یہ بتایا جا سکتا ہے کہ ایسی کتنی اراضیات ہیں جو اسطرح پٹہ کی ہیں ؟

شری کٹھ رام ریڈی (نلگنڈہ ۔ عام) :— صرف راست مالگزاری ادا کرنے کا حق ہے اور کوئی حق نہیں ہے ۔

شری کے ۔ وینکٹ رنگا ریڈی ۔ آپ اس کے متعلق سوال پوچھیں تو میں مواد منگوا کر کوئسچن اور (Question Hour) میں اس کا جواب دونگا ۔ اس وقت میں آپ کو مواد فراہم نہیں کرسکتا ۔ یہاں تو صرف میں آپ کو قانون بتا رہا ہوں اس کو مان لینا چاہئے ۔ اگر یہ غلط ہے یا یہ قانون منسوخ ہوگیا ہے تو آپ اوسکی تردید کیجئے ۔ اب یہ کہ اس قانون پر عمل نہیں ہورہا ہے تو یہ اور بات ہے۔ میں نے خود آج سے (۴۰) سال قبل بذریعہ رجسٹری انعامدار سے پٹہ حاصل کیا ہوں وہ زمین اس وقت میرے قبضہ میں موجود ہے ۔ میں نے اوس میں باغ لگایا ہے ۔ میں آپ کو اوسکی رجسٹری بھی بتا سکتا ہوں ۔

شری ادھو راؤ پٹیل :— آپ نے جو اراضی حاصل کی کیا اوس کا اسسمنٹ بھی ہوا ہے ؟

شری کے۔ وینکٹ رنگا ریڈی ۔ غرض میں یہ کہونگا کہ حق پٹہ علحدہ ہے اور حق انعام

علحدہ ہے ۔ اگر اس کو مان لیں تو پھر میرے لئے باقی چیزوں کا جواب دینا آسان ہوجائیگا ۔ میں اس کے بعد یکے بعد دیگرے اعتراضات کا جواب دونگا ۔ سب سے پہلے یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اس قانون کو فورا نافذ کرنا چاہئے اور کوئی تاریخ نفاذ مقرر کرنے کا اختیار گورنمنٹ کو نہیں دینا چاہئے ۔ میں آپ سے یہ کہونگا کہ آپ تو اس کو فوراً نافذ کرانا چاہتے ہیں اور میں یہ چاہتا ہوں کہ فوراً سے بھی پہلے یہ قانون نافذ ہو جائے ۔ لیکن بات یہ ہے کہ ہمکو محض الفاظ پر غور نہیں کرنا چاہئے بلکہ دیکھنا یہ ہے کہ آیا فوراً نافذ کرنے پر عمل کرنا ممکن ہو سکتا ہے یا نہیں ۔ اس بل کے دفعات کے لحاظ سے قواعد بھی بنانا پڑیگا ۔ اس میں بہت سے امور کی تحقیقات کرنی پڑیگی ۔ یہ چیزیں کرنے کے بعد ہی قانون قابل عمل ہوگا ۔ اس کے بغیر نہیں یعنی قابض کو پٹہ دینے کا حکم دیا گیا ہے لیکن پٹہ کی تحقیقات ہونا اور طریقہ تحقیقات کا معین کرنا وغیرہ یہ چیزیں باقی ہیں ۔ ان چیزوں کے متعلق قواعد بننے کے بعد ہی اوس پر عمل ہوگا ۔ فوراً نافذ کرنے کے الفاظ اسواسطے نہیں لکھے گئے ۔ اس لئے آپ کا اصرار کہ فوراً نافذ ہو کوئی اصولی چیز نہیں ہوگی ۔ فوراً نافذ کرنے کے احکام اوسی وقت دے سکتے ہیں جب ان تمام باتوں کی تصفیہ کی ضرورت نہیں ۔ اس میں مجھے اعتراض نہوگا لیکن یہ سمجھا جائیگا کہ ہم نے سوچ سمجھکر قانون نہیں بنایا ۔ عمل کب ہو سکتا ہے اس کا خیال نہیں رکھا ۔ یونہی تاریخ نفاذ مقرر کردیگئی ۔

معاوضہ کے متعلق بہت کچھ رائے زنی کی گئی ہے ۔ کوئی صاحب کہتے ہیں کہ معاوضہ نہ دینا چاہئے اور کوئی صاحب کہتے ہیں کہ معاوضہ دینا چاہئے ۔ یہ کہا جارہا ہے کہ مالگزاری کی بناء پر دینا چاہئے اور یہ بھی کہا جارہا ہے کہ منافہ کی بناء پر دینا چاہئے ۔ زیادہ دینا چاہئے ۔ کم دینا چاہئے کیونکہ یہ عطا ہے اور بادشاہ وقت کو جب چاہے اسے واپس لینے کا اختیار تھا اس لئے اس کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں وغیرہ وغیرہ ۔ اگر دستور کے لحاظ سے ہم معاوضہ دینے سے بچ سکتے ہیں تو میں آپ صاحبین میں پہلا شخص ہونگا کہ بغیر معاوضہ دئے انعامات برخاست کروں ۔ آپ صاحبین کو یاد ہوگا کہ مناصب وغیرہ کی برخاستگی کے قانون کے وقت بھی یہ مسائل آئے تھے لیکن اسوقت اس پر لحاظ نہیں کیا گیا ۔ وہ مسئلہ بالاخر ہائیکوٹ میں گیا ۔ وہاں اوس مسئلہ پر بحث ہوئی اور وہ زیر تجویز ہے ۔ مجھے اندیشہ ہے کہ وہ دستور کے خلاف ہونے کی وجہ سے ختم ہو جائے ۔ اس لئے ہمیں قانون سوچ سمجھکر دستور کو پیش نظر رکھتے ہوئے بنانا چاہئے تاکہ کورٹ آف لا میں چیالینج کیا جائے تو چیالینج نہ ہوسکے ورنہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اتنی معمولی غلطی نہ ہوگی جسکو نظر انداز کیا جا سکے اس لئے تفصیلی جوابات دینے کے بجائے میں یہ سب اعتراضات کا جواب سمجھونگا ۔ اگر دستور اجازت دے تو ہم معاوضہ نہ دینگے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ دستور کہتا ہے کہ منقولہ اور غیر منقولہ جائداد ہی کا سوال نہیں ہے .....

شری کے ۔ ایل ۔ نرسمہاراؤ :— پریسیڈنٹ کی رضامندی حاصل ہو جائے تو معاوضہ

دینا نہیں پڑتا جیساکہ دیوی سنگھ صاحب چوہان کہہ رہے تھے - اس بارے میں آپ کی رائے کیا ہے -

مسٹر چیرمن :— حکومت جیسی ضرورت سمجھتی ہے ویسا جواب دیرہے ہیں -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— میں اسکو تسلیم نہیں کرتا - دستور کے لحاظ سے معاوضہ دینا ضروری ہے - بعض صورتوں میں پریسیڈنٹ کی اجازت سے عذر رفع ہو جاتا ہے لیکن ہر صورت میں نہیں ہوتا - جیساکہ میں کہہ رہا تھا جائداد کے معاوضہ ہی کا سوال نہیں ہے - اب جبکہ دستور اجازت نہیں دیتا ہے تو ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ہم کس قسم کا معاوضہ دینگے - ہمیں دو قسم کا معاوضہ دینا ہوگا یعنی ایک تو اراضی سے استفادہ کا جو حق تھا اسکا معاوضہ دینا ہوگا اور دوسرا خود کاشت نہ کرتے ہوئے زرمالگزاری سے زیادہ معاوضہ لینے کا جو حق تھا اسکا بھی معاوضہ دینا ہوگا - معاوضہ مشخص کرتے وقت ہماری نظر ان دونوں پہلوؤں پر ہونی چاہئے - ہم جب انعامدار کا حق انعام ختم کررہے ہیں تو ہم اسکے قبضہ کو نہیں دیکھینگے بلکہ اسکے استفادہ آمدنی کے حق کو دیکھینگے خواہ وہ ذات سے کاشت کررہا ہو یا نہ کر رہا ہو کیونکہ سرکار کو مالگزاری دئے بغیر اسکو استفادہ آمدنی کا حق ہے - اگر اسکو وہ پٹہ پر دیتا ہے تو وہ پٹہ دار قابض کے مماثل ہوجا ئیگا اسلئے انعامدار کو بلا لحاظ قبضہ کے اسکا جسقدر انعام کا رقبہ ہے اسکا معاوضہ تابحد حق انعام دینا پڑیگا -

ہم نے اراضی انعام کے قابضین کو معاوضہ کے اغراض کیلئے کو چار اقسام میں تقسیم کیا ہے - قابض قدیم - محفوظ قولدار - غیر محفوظ قولدار اور مستقل قولدار - قابض قدیم کے متعلق بہت سے صاحبین نے اعتراض کیا ہے - اسکی نسبت ترمیمات پیش ہونگی تو ترمیمات کی نوبت پر میں جو مناسب ترمیم سمجھونگا اسے قبول کرونگا -

شری پنڈم واسدیو (گجویل):— آپکی رائے میں دو طرح کے معاوضے دینا طے ہے - دستور ہند کی رائے میں کیا ہے؟

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— آرٹیکل ۳۱ ملاحظہ فرمائیں - اسکے الفاظ کے لحاظ سے جائداد منقولہ یا غیرمنقولہ یا اوسکا کوئی حق بھی لینا چاہتے ہیں تو اسکا بھی معاوضہ دینا ہوگا - اگر بلا ادائی معاوضہ اراضی کی آمدنی سے استفادہ حاصل کرنے کا حق ہے تو وہ حق جائداد غیر منقولہ ہے اور وہ بھی جائداد میں شامل ہوگا - یہ میری رائے ہی نہیں بلکہ پریوی کونسل کے فیصلوں اور سپریم کورٹ کی رولنگس(Rulings) کے لحاظ سے بھی معاوضہ دینا پڑیگا -

میں نے جو چار قسم کے قابض بتلائے ہیں ان میں ایک قدیم قابض ہے - اس سے بغیر کسی پریمیم کے لینے کے اوسکے نام پٹہ کرنے کے احکام ہم نے رکھے ہیں - البتہ باقی تین سے اگر انہیں پٹہ دیا جائیگا تو معاوضہ لینے کا حکم دیا گیا ہے - اسمیں سے انعامدار کو ۵۰ فیصد معاوضہ دلایا جائیگا محفوظ قولدار یا عارضی قولدار ہونے کی وجہ سے زیادہ معاوضہ انعامدار کو مل سکتا ہے - اصول یہ ہے کہ جہاں اراضی پر قابض کو زیادہ

حق تھا اوس سے وھاں کم معاوضہ اور جہاں زیادہ حق نہ تھا اوس سے کم معاوضہ لیا جائے تسلیم کیا گیا ۔ ٹیننسی ایکٹ کے لحاظ سے جو حقوق قولداروں کو آئندہ ملنے والے تھے انکو فوری دلانے کے لئے ہم نے یہ قاعدہ وضع کیا ھے ۔ اس سے ایک طرف تو آئندہ مقدمہ بازی اور عہدہ داروں کے پاس پیروی کرنے کی ضرورت نہیں رھتی اور دوسری طرف انعامداروں کے زیادہ استفادہ کی صورت میں زیادہ ۔ کم استفادہ کرنے کی صورت میں کم اور جہاں استفادہ نہیں ھوتا وھاں بہت ھی کم معاوضہ مقرر کرنے سے انعامدار اور قولداروں میں مساوات قائم ھو گی ۔ اسطرح جو معاوضہ مشخص ھوگا وہ صحیح اصول پر مبنی قرار پاتا ھے ۔ اگر ھم ایسا معاوضہ مقرر نہیں کرینگے تو آئندہ چلکر عدالتوں میں یہ قانون باقی نہیں رہ سکے گا اور منسوخ ھو جائیگا ۔

اب اس میں مالگزاری کے لحاظ سے معاوضہ دینا چاھئے یا منافعہ کے لحاظ سے معاوضہ دینا چاھئے میں اسکا جواب دینے کی ضرورت نہیں سمجھتا ۔ کل جب ترمیمات پیش ھونگی اس وقت غور کیا جائیگا ۔ اگر مالگزاری کی بیسس پر معاوضہ دینا قرار دیا جائے اور وہ زیادہ بہتر معلوم ھوتو میں اسکو قبول کرونگا ۔ لیکن آپکو یہ بتلانا پڑیگا کہ کونسی صورت قولدار کے لئے بہتر ھوسکتی ھے ۔ اگر آپ یہ بتلائیں تو میں اسکو بلا پس و پیش تسلیم کرونگا ۔

شری عبد الرحمن :— اس نوبت پر آپ اپنی رائے بتلائیے ۔

شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی :— جب آپ ترمیمات پیش کرینگے تو میں اپنی رائے بتلاؤنگا ۔ اپنی رائے سے تو میں نے قانون مرتب کیا ھے ۔ اگر آپ کے مباحث کے بعد مجھے اپنی رائے میں ترمیم کی ضرورت محسوس ھوتو میں ضرور اسکو تسلیم کرونگا ۔

بعض صاحبین نے فرمایا کہ جب انعامداروں کو معاوضہ دینے ھی کا سوال ھے تو کمازکم یہ ھونا چاھئے کہ بڑے انعامداروں کو کم معاوضہ اور چھوٹے انعامداروں کو زیادہ معاوضہ دیا جائے ۔ اسکو بھی میں دستور پر چھوڑتا ھوں ۔ اگر یہ جائز ھوتو میں اسکو تسلیم کرونگا لیکن میری رائے ھے کہ ایک ایکر والے کو ۵۰ روپیے معاوضہ دیتے ھیں تو ایک سو ایکر والے کو پانچ ھزار دینا ضروری ھوگا ۔ کیونکہ معاوضہ جائداد کا ھوتا ھے مالک جائداد کا نہیں ھوتا ۔ یہ بڑے پیٹ والے ھیں یا بڑے دولتمند ھیں یا جھونپڑی میں رھتے ھیں یہ نہیں دیکھا جائیگا بلکہ جائداد دیکھی جائیگی ۔ یہ میری ناقص رائے ھے ۔ اگر آپ اپنی قابلیت کے لحاظ سے یہ بتلائینگے کہ بڑی جائداد والوں کو کم معاوضہ دینا چاھئے اور غریب آدمی کی جائداد کے لئے زیادہ دینا چاھیے تو یہ اور بات ھے ۔ ۔ ۔ ۔

شری گوپال راؤ (پاکھال) :— آپکے کہنے کے مطابق جاگیر ابالیشن کے وقت کیا یہی نہیں ھوا ۔ بڑے جاگیرداروں کو کم معاوضہ ملا ۔

شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی :— غلط فہمی ھو رھی ھے ۔ بڑے جاگیرداروں میں اور چھوٹے جاگیرداروں میں معاوضہ دینے کے لئے ھم نے کوئی تفریق نہیں کی ۔ البتہ

بائنگھوں کو ہم نے کم معاوضہ دیا ہے - اور یہ اس وجہ سے کیا گیا کہ انکے ذمے کچھ سرکاری خدمات کرنا یعنی فوج وغیرہ رکھنا ضروری تھا - سرکار کی خدمت کے عوض ۲۰ فیصد مزید وضعات کیا گیا - جملہ جاگیرداروں سے ۶۰ فیصد وضع کرنے کے بعد ۴۰ فیصد دینے کے لئے ہم نے رکھا ہے - البتہ انکی ادائی کی مدتوں میں فرق ہے - یہ کم و بیش بنیاد تھی - یہ نہیں ہے کہ بڑی جائداد کے مالک اور چھوٹی جائداد کے مالک میں متیاز کیا گیا ہے - البتہ انکی اقساط میں فرق ہے - کسی کے قساط ۱۰ سال میں کسی کے ۱۵ سال میں اور کسی کے ۲۰ سال میں دیرہے ہیں - حالات کے لحاظ سے جتنی مدت میں اپنے پیر پر کھڑے ہوکر زندگی بسر کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں اس کا لحاظ کیا گیا ہے -

شری ادھو راؤ پٹیل :— اگر اور وقت کی ضرورت ہے تو ہم کل تازہ دم آکر منسٹر صاحب کی تقریر سننا چاہتے ہیں -

شری گوپال راؤ :— کل تک ملتوی کرنا مناسب ہوگا کیونکہ اگر پہلی تقریر میں شبہات ختم ہوجائیں تو پھر امنڈمنٹس پیش نہ ہوں گے -

شری گروا ریڈی :— کم سے کم اندازہ تو ہو کہ کتنا منسٹر صاحب وقت اور لیں گے -

شری کے - وی رنگا ریڈی :— میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ کل رکھنے کے بجائے آج ہی اور ۱۵ - ۲۰ منٹ بیٹھکر اس کو ختم کردیا جائے -

The House then adjourned till Half-Past Two of the Clock on Thursday the 26th August 1954.
